سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگو

وراثت

Volume:2....No:2

VIRASAT

Designed by:Gurmeet Singh

Azadi Ka Amrit Mahotsav

G20

VIRASAT

Quarterly Journal of Ethnic Literature

Volume:2....No:2

Editorial Staff
Mufti Shafiq-ur-Rahman
Dr. Abid Ahmad Bhat
Dr. Syed Iftikhar Ahmad
Dr. Shabnum Rafiq
Asmat Aziz

Jammu & Kashmir Academy of Art , Culture & Languages, Srinagar

سہ ماہی کثیر لسانی رسالہ

وراثت

جلد:2............شمارہ:2
(اپریل تا جون 2023ء)

نگران

بھارت سنگھ

مجلسِ ادارت

مفتی شفیق الرحمٰن ...... اُردو
ڈاکٹر عابد احمد ...... انگریزی
ڈاکٹر سید افتخار احمد ...... کشمیری
ڈاکٹر شبنم رفیق ...... کشمیری
عصمت عزیز ...... اُردو

ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر
جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز سرینگر

ناشر: سیکریٹری، جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز

آفیسر انچارج پبلیکشن : ڈاکٹر سید افتخار احمد

کمپیوٹر کمپوزنگ : محمد انور لولابی (حصہ انگریزی)

گورمیت سنگھ (اردو، کشمیری)

سرورق : گورمیت سنگھ

تعداد : 300

مطبع : گورنمنٹ پریس سرینگر

قیمت :

''وراثت'' میں شائع ہونے والے مضامین میں ظاہر کی گئی آراء سے اکیڈیمی کا کُلیاً یا جُزئیاً متفق ہونا ضروری نہیں ہے۔

خط وکتابت کا پتہ

مفتی شفیق الرحمٰن خان

انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر۔

جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز لال منڈی سرینگر

موبائیل نمبر:9906842887

email: syediftikharacademy@gmail.com

(حصۂ اُردو)

فہرست

نمبر شمار	عنوان	مصنف/ترجمہ کار	صفحہ نمبر
1	شاہمیر کا اصل وطن، اُس کی کشمیر آمد اور شاہمیری خاندان کی حکومت کا قائم ہونا	کے ڈی میٹی	6
2	ثقافتی میراث اور اِس کی اہمیت	ڈاکٹر جوہر قدوسی	14
3	خوشنویسی (ترجمہ)	:مفتی شفیق الرحمٰن قاسمی	28
4	اننت ناگ کی تمدّنی، معاشرتی اور تہذیبی اہمیت	ڈاکٹر حسرت حسین	40
5	پہاڑی زبان اور ڈرامانگاری	شبیر احمد خان شمس	49
6	ملک حیدر چاڈورہ (ترجمہ)	:مفتی شفیق الرحمٰن قاسمی	62

☆

اداریہ

جہاں آج کے دور میں جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے ادب اور باقی معلومات کا ایک دوسرے تک پہنچانا بہت آسان اور زیادہ ممکن ہوگیا ہے، وہیں دوسری طرف یہ خدشات بھی پیدا ہورہے ہیں بلکہ کافی حد تک صحیح دکھائی دے رہے ہیں کہ کتابیں پڑھنے کا چلن ختم ہورہا ہے جس کی وجہ سے چیزوں کو سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا ہے۔ جب پڑھنے والوں کا رجحان کم ہوجائے تو لکھنے والوں پر بھی اس کا اثر پڑنا لازمی ہے۔ بڑھتی آبادی کے تناظر سے دیکھا جائے تو ادیبوں اور قلمکاروں کی تعداد میں بھی اضافہ ہونا چاہیے۔ لیکن حالت یہ ہے کہ بڑی مشکل سے جریدے کے ہر شمارے کے لئے مواد حاصل ہو پارہا ہے اور وہ بھی بیشتر پرانے ادیبوں سے ہی۔ بہر حال وارثت کا تازہ شمارہ آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے ہمیں خوشی محسوس ہورہی ہے۔ علاوہ ازیں ہمیں اس بات کی بھی خوشی ہے کہ اس شمارے کے اس ایڈیشن کی ای کاپی اکیڈیمی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگی اور آئندہ آنے والے سبھی شمارے ہماری ویب سائٹ پر دستیاب رہیں گے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہارڈ کاپی بھی حسبِ معمول دستیاب رہے گی۔ تاکہ کتابیں پڑھنے کا رجحان بھی لوگوں میں برقرار رہے۔ اس رواج اور چلن کو زندہ رکھنا اور بڑھاوا دینا ہم سب کی مشترکہ ذمّہ داری ہے۔ ہماری کوشش یہی رہی ہے کہ اس شمارے میں ہم معیاری اور تازہ مضامین شامل

کریں تاکہ پڑھنے والوں کی جانکاری میں خاطر خواہ اضافہ ہو اور تحقیق اور ترجمہ کے حوالے سے ہمارے موروثی ادب کی آبیاری بھی ہو۔

اس شمارے کے اُردو حصے میں دیگر مضامین کے علاوہ 'تاریخِ ملک حیدر چاڈورہ' کے اردو ترجمے کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے اس کی چوتھی قسط پیش کر کے ہم اس کام کو کامیابی کے ساتھ آگے بڑھا رہے ہیں۔

اس رسالے کی کامیابی کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اس کی شہرت بہت کم عرصے میں دور دور تک پھیل چکی ہے۔ چنانچہ ہمیں وادی کے علاوہ ملک کے دیگر علاقوں سے بھی رسالے کے لئے مضامین موصول ہو رہے ہیں۔

رسالے کا کشمیری حصّہ بھی تحقیق اور ترجمے کو بڑھاوا دینے کی روایت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ اور اسی طرح انگریزی حصہ بھی کشمیری ادب اور ثقافت کو فروغ دینے میں آگے بڑھ رہا ہے۔

اُمّید ہے کہ قارئین کو ہماری یہ کوشش اچھی لگے گی اور اس رسالے کو جاری وساری رکھنے میں ہمیں اپنا قلمی تعاون اور مفید مشورے دیتے رہیں گے۔

مفتی شفیق الرحمٰن خان قاسمی
انچارج آفیسر ٹرانسلیشن ریسرچ سینٹر، کشمیر

☆

کے ڈی مینی

شاہمیر کا اصل وطن، اُس کی کشمیر آمد اور شاہمیری خاندان کی حکومت کا قائم ہونا

کشمیر میں 1301ء تا 1325ء تک آخری ہندو راجہ سہہ دیو کی حکمرانی تھی۔ راجہ جو بڑا فراخ دل اور ملنسار تھا۔ اُس کے عہد میں وادیٔ کشمیر کے باہر سے دو ایسے افراد وارد ہوئے جنہیں اس روادار راجہ نے اپنے دربار میں منصب عطا کئے۔ اُدھر دو مہمان افراد نے اپنے تدبرّ، بہادری اور سیاسی حکمتِ عملی سے وادیٔ کشمیر میں اسلام کا پودا لگایا اور بالآخر مسلمان دورِ حکومت کی بنیاد ڈالی اور کشمیر کو ایک نئے سیاسی، مذہبی اور ثقافتی انقلاب سے ہمکنار کیا۔ ان میں سے ایک رینچن شاہ تھا۔ جو لداخ کا باشندہ تھا۔ اور آگے جا کر صدر الدین کے لقب سے 1323ء میں کشمیر کا وارث بنا۔ اور دوسرا شخص شاہمیر تھا۔ جو 1313ء میں کشمیر پہنچا اور پھر دھیرے دھیرے اپنے خلوص، بہادری، ذہانت اور جلال کے باعث 1343ء میں کشمیر کے تخت پر قابض ہوگیا اور کشمیر پر شاہمیری خاندان کی حکومت کی داغ بیل ڈالی اور پھر ایک عرصے تک شاہمیری نسل کے سلاطین نے کشمیر پر حکومت کی جو 1586ء تک مسلسل جاری رہتی ہے۔ شاہمیر کے وطن کے بارے میں مختلف تاریخوں میں مختلف بیانات ملتے ہیں۔ آیئے تاریخ کے آیئنے میں شاہمیر کے وطن

کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

جناب محبّ الحسن اپنی تاریخِ کشمیر میں لکھتے ہیں:

''کہ شاہمیر تُرک نسل سے تعلق رکھتا تھا۔لیکن یہ بات دُرست نہیں ہے۔کیونکہ جو نراج کی راج ترنگنی اور ابوالقاسم کی ''تاریخِ فرشتہ'' کے مطابق شاہمیر پانڈو راجہ ارجن پانڈو کی نسل سے تھا۔اور کھش قبیلے سے تعلق رکھتا تھا۔جو کہ راجوری علاقہ میں آباد تھے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاہمیر کا تعلّق تُرک نسل سے نہیں تھا بلکہ اس خاندان کے ڈانڈے ارجن پانڈو سے ملتے ہیں۔جنھوں نے مہا بھارت کی دو جنگیں جیتی تھیں''۔

کشمیر کے ایک اور تاریخ دان پارموں صاحب نے شاہمیر کو میوات کا بتایا ہے۔ کیونکہ اکثر فارسی تاریخوں میں اس کا وطن سواد گیر (Swadgir) لکھا ہے۔ جو کہ جونراج کی راج ترنگنی سے اخذ کیا گیا ہے۔اس لئے فارسی تاریخ دانوں نے سواد گیر سے ''سوات'' مِلا کر یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ شاہمیر سوات کا رہنے والا تھا۔لیکن یہ بات بھی درست نہیں ہے۔اصل میں لفظ تلفّظ کے ہیر پھیر کی وجہ سے جونراج کی راجہ ترنگنی کے لفظ (Panch gahwara) کو فارسی تاریخ دانوں نے سواد گیر لکھ دیا۔اس لئے ''پنچ گیہوارہ'' کو سواد گیر لِکھ کر اس کو سوات سے جوڑنے کی بات حقیقت پر مبنی نہیں لگتی ہے۔

''شاہمیر'' کے اصل وطن کے بارے میں ہمیں اُس زمانہ کے شاہمیری سلطانوں کے عہد کے مؤرخ جونراج کی کتاب راج ترنگنی کی طرف ہی رجوع کرنا مناسب لگتا ہے۔ اس سلسلہ میں جناب این کے زُتشی نے اپنی تاریخ ''زین العابدین'' میں بڑی باریک بنی

سے تحقیق کی ہے اور شاہمیر کے وطن کے بارے میں دوٹوک فیصلہ کیا ہے۔

زتشی زین العابدین آف کشمیر میں لکھتے ہیں کہ جونراج سلطان زین العابدین عرف بڈشاہ کا درباری مؤرخ تھا۔ اور بڈشاہ شاہمیر خاندان سے تعلق رکھتا تھا۔ اس لئے جونراج بڈشاہ کے اجداد کے بارے میں غلط اندراج کرنے کی جُرات نہیں کرسکتا تھا۔ غالباً اُس نے بڈشاہ سے پرانے شجرے حاصل کرنے کے بعد ہی شاہمیر کے حسب نسب کے بارے میں لکھا ہوگا۔ چنانچہ جونراج اپنی راج ترنگنی میں لکھتا ہے کہ ''شاہمیر'' پانڈو راجہ اور ارجن کی نسل سے تھا۔ اور اُس کا آبائی وطن Panchgawara پنچ گوارہ تھا۔ شاہمیر کے اجداد نے پنچ گوارہ کی سرحد پر ایک قصبہ بھی آباد کیا تھا جس کا نام گربہار پورہ (Garbhar pura) تھا اور یہ شخص کھش قبیلے کا فرد تھا۔

چنانچہ پنچ گوارہ اور گربہار پور کی نشاندہی شاہمیر کے وطن کے بارے میں فیصلہ کرسکتی ہے۔ این کے زتشی نے پنچ گوارہ کو راجوری کا گاؤں پنچ گبر (Panch Gabbar) بتایا ہے، پنچ گبر گاؤں پیر پنچال کے جنوب میں راجوری اور بدھل علاقہ کے درمیان واقعہ ہے۔ جب کہ زتشی نے گربہار پور کی نشاندہی موجودہ گبر (Gabbar) گاؤں سے کی ہے۔ یہ گاؤں بھی پنچ گبر کے مشرق میں علاقہ بُدھل میں واقع ہے اور موجودہ قصبہ بُدھل کے بالکل سامنے نالے کے اُس پار واقع ہے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ شاہمیر علاقۂ راجوری کا رہنے والا تھا اور اُس کا گاؤں پنچ گبر تحصیل بُدھل میں موجود ہے۔

ایک اور بات جو شاہمیر کا تعلق راجوری کے گاؤں پنچ گبر سے جوڑتی ہے وہ یہ ہے کہ جونراج نے اپنی تاریخ میں ''شاہمیر'' کا تعلق کھش قبیلے سے بتایا ہے جو کشمیر کے راجہ کی فوج میں

بھرتی ہونے کے لئے کشمیر میں وارد ہوا تھا۔

کلہن کی راج ترنگنی کے نقاد سٹین (Stien) صاحب نے کھش قبیلے کا اصل وطن بُدھل کا علاقہ قرار دیا ہے۔ جہاں سے وہ مشرق اور مغرب کی جانب پھیلے تھے۔ کلہن یہ بھی لکھتا ہے کہ راجوری کے کئی کھش نوجوان فوج میں بھرتی ہونے کے لئے کشمیر کا رُخ کیا کرتے تھے۔ اور شاہمیر بھی اس غرض سے کشمیر وارد ہوا تھا۔

''شاہمیر'' کی راجوری سے وابستگی کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے کہ اسلام کو جموں وکشمیر میں سب سے پہلے راجوری میں فروغ حاصل ہوا تھا۔ اور شاہمیر جب کشمیر گیا تھا، اُس زمانے میں راجوری میں مسلمان بڑی تعداد میں آباد تھے۔ کیونکہ 1036ء میں البیرونی شاہ مسعود کے ساتھ جب راجوری پہنچا تھا تو وہ لکھتا ہے کہ یہاں مسلمان تاجر تجارت کی غرض سے آیا کرتے تھے اور اسلام فروغ پا رہا تھا۔ اس لئے شاہمیر کا تعلق راجوری سے تھا۔ جن کے دادا نے اسلام قبول کیا تھا اور جو نوکری کی غرض سے کشمیر آیا تھا۔ ان تمام باتوں سے واضح ہوتا ہے کہ شاہمیر کا اصل وطن راجوری کا علاقہ بُدھل تھا اور بُدھل کے گاؤں پنچ گبر میں اُس کا خاندان سکونت کرتا تھا۔

جونراج اپنی راج ترنگنی میں لکھتا ہے کہ شاہمیر کھش قبیلے کا فرد تھا جو اُس زمانے میں نہایت جنگجو قبیلہ مانا جاتا تھا۔ اُس کا وطن پنچ گبر تھا اور یہ پانڈو خاندان کے راجہ ارجن کی نسل سے اپنا حسب نسب جوڑتا ہے۔ اُس کے شجرۂ نسب کا ذکر یوں ہے:

ارجن (پرتھا)

بیاروا ہن

جگ واہن

سات واہن

ناگ واہن

ستو واہن

نیل واہن

چتر واہن

نیک راج

گُرشا

طاہر شاہ

شاہ میر سلطان شمس الدین

جو نراج کے اس اندراج کی تصدیق آئینِ اکبری سے بھی ہوتی ہے۔ جسکے ''بابِ کشمیر'' میں درج ہے کہ سہہ دیو کے عہد میں 1313ء میں ایک شخص ''شاہمیر'' کشمیر میں داخل ہوا۔ یہ شخص اپنے آپ کو ارجن پانڈوؤں کی اولاد سے ظاہر کرتا تھا۔ اس بارے میں ایک اور ثبوت سلطان شہاب الدین کا وہ کتبہ ہے جس میں اُس نے اپنے خاندان کو پانڈوں کی نسل سے بتایا ہے۔

مزیدار بات یہ ہے کہ تاریخِ راجگان راجوری کے مصنف مرزا ظفر اللہ خان نے بھی اپنے قبیلہ کا شجرۂ نسب پانڈوؤں میں سے راجہ ارجن سے ملایا ہے۔ چنانچہ ایک طرف مرزا ظفر اللہ کا اپنے خاندان کو پانڈوؤں سے ملانا تو دوسری طرف شاہمیر کا اپنے اجداد کا تعلق

بھی پانڈو راجہ ارجن سے جوڑنا ظاہر کرتا ہے کہ شاہمیر کا تعلق راجوری سے تھا لیکن ''شاہمیر'' کے مرزا خاندان سے تعلقات کے بارے میں جو سب سے اہم بات سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ مشہور اسلامی مؤرخ ابوالقاسم ''تاریخ فرشتہ میں'' ''شاہمیر'' کو ''شاہ میرزا'' لکھتے ہیں۔ پیش ہے شاہمیر کے بارے میں تاریخِ فرشتہ سے اقتباس:

اب سلاطین کا ذکر کرتا ہوں جو کشمیر کے فرمانروا ہوئے۔ یہاں 715 ھ میں سہہ دیو کی حکمرانی تھی۔ جب شاہ میرزا نامی ایک شخص بہ لباسِ قلندری کشمیر میں وارد ہوا اور راجہ کا نوکر ہوا۔ وہ اپنا حسب یوں بیان کرتا ہے۔ شاہ میرزا بن طاہر بن آل بن گرشاب، بن نکودر ،اور نکودر کا نسب ارجن پانڈو تک پہنچتا ہے۔ یہاں ابوالقاسم ''شاہمیر'' کو شاہ میرزا لکھتا ہے ۔جس سے ''شاہمیر'' کا راجوری کے میرزا شاہی خاندان سے رشتہ ثابت ہوتا ہے۔ اگر چہ میرزا کا لقب جرال خاندان راجوری کو شہنشاہِ اکبر کی طرف سے عطا ہوا تھا۔ لیکن شاید یہ لفظ علاقے میں پہلے بھی مقبول تھا۔ اور مسلمان اعزاز کے طور پر اس لقب کو اپنے نام کے ساتھ لکھتے ہوں گے۔ کیونکہ 1576ء میں اکبر نے جب راجوری کے راجہ کو راجہ کا لقب ترک کرکے ''نواب'' کے اسلامی لقب سے نوازنا چاہا۔ تو راجہ راجور نے عذر پیش کیا کہ نواب لفظ سے کوئی آشنا نہیں ہے۔ اگر ہمارے خاندان کو میرزا کا لقب سرکاری طور پر عطا کر دیا جائے تو بہتر رہے گا۔ راجہ راجور کے اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ میرزا کا لقب یہاں عوام میں مقبول تھا۔ اور راجوری کے راجہ پہلے بھی اس لقب کو اپنے نام کے ساتھ لکھتے تھے۔ اس حوالے سے بھی ''شاہمیر'' کا راجوری کے میرزا خاندان سے تعلق واضح ہوتا ہے۔ لیکن کشمیر میں اُس زمانہ میں میرزا خاندان کے لوگ آباد نہیں تھے۔ اس لئے کشمیر پہنچ کر شاہمیر نے

میرزا کے بجائے شاہمیر کہلانا بہتر سمجھا۔ یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کشمیری تلفّظ کے باعث میرزا ''میر'' بن گیا ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ شاہ میرزا نے اپنے آپ کو کشمیر کے میر خاندان میں مدغم کر دیا ہو۔ ان حوالہ جات کی بنا پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ شاہمیر کا تعلق راجوری کے علاقہ پنچ گوارہ سے تھا۔ جو اب موجودہ بدھل قصبہ کے قریب پنچ گبر (Panch Gubar) کہلاتا ہے۔

شاہمیر کی راجوری سے ہجرت کی وجہ: منشی محمّد دین فوق تاریخ کشمیر کے حصۂ اول میں لکھتے ہیں کہ شاہ میر کا دادا قور شاہ تھا۔ جب اُس کے بیٹے طاہر شاہ کے ہاں بیٹا پیدا ہوا تو قور شاہ جو بڑا ولی تھا اُس نے پوتے شاہ میر میں حکمرانی کے آثار دیکھ لئے اور اُس نے کہا کہ ایک دن یہ کشمیر کا مالک بنے گا۔ چنانچہ جب شاہمیر جواں ہوا تو دادا کی پیشین گوئی کے سبب وہ اپنے عیال و اطفال اور ساتھیوں کی جمعیّت کے ساتھ کشمیر چلا گیا اور راجہ سہہ دیو کے دربار میں پہنچ گیا۔ سہہ دیو اُس زمانہ میں کشمیر کے باہر سے آنے والے سرکردہ لوگوں کی عزّت افزائی کیا کرتا تھا۔ چنانچہ اس نے شاہمیر کو بھی اپنی ملازمت میں رکھ لیا۔ کچھ ہی مدّت بعد سہہ دیو نے شاہ میر کی شرافت اور نجابت کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اُس کو گورنر بنا دیا اور اندرکوٹ قلعے میں متعیّن کر دیا اور اُسے بہت بڑی جاگیر عطا کی اور پھر اُسے اپنے خاص مصاحبوں میں شامل کر لیا۔ جہاں سے عروج پا کر آخر کار 1313ء میں وہ کشمیر کا بادشاہ بن گیا اور کشمیر میں شاہمیری سلاطین کی حکومت کی بنیاد ڈالی اور سلطان شمس الدین کے لقب سے کشمیر کے تخت پر براجمان ہوگیا۔

☆☆☆

کتابیات

۱۔راج ترنگنی کلہن ترجمہ ایم۔اے۔سٹین۔

۲۔راج ترنگنی جونراج۔

۳۔تاریخِ راجو میرزا ظفراللہ خان قاسم خان۔

۴۔تاریخِ فرشتہ مصنف ابوالقاسم

۵۔زین العابدین، مصنّف این۔کے۔زتشی۔

۶۔آئینِ اکبری

۷۔مکمل تاریخ راجوری مصنّف خوش دیو مینی۔

ڈاکٹر جوہر قدوسی

ثقافتی میراث اور اِس کی اہمیت

ثقافت عربی زبان کا لفظ ہے، جو عربی کے ایک لفظ ''ثقف'' سے نکلا ہے۔ ثقف کے معنی عقلمندی اور مہارت کے ہیں۔ کلچر انگریزی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مطلب کسی چیز یا ذات کی ذہنی یا جسمانی نشو ونما ہے۔ قوموں کی پہچان ثقافت سے ہے۔ ہر قوم کی الگ ثقافت ہوتی ہے۔ کسی قوم کی ثقافت کبھی بھی ہو بہو دوسری قوموں کی ثقافت نہیں ہوتی ہے، البتہ ثقافت پر دوسری قوموں کی اقدار کا اثر ضرور ہو سکتا ہے۔ ثقافت ایک اصطلاح بھی ہے، جو انسانی معاشروں میں پائے جانے والے سماجی رویے اور اصولوں کے ساتھ ساتھ ان گروہوں کے افراد کے علم، عقائد، فنون، قوانین، رسم و رواج، صلاحیتوں اور عادات پر مشتمل ہے۔ ماہرین سماجیات نے ثقافت کی مختلف تعریفیں کی ہیں۔ جن میں سے چند حسبِ ذیل ہیں:

> ''گسٹوف کلائم ثقافت کی تعریف کرتے ہوئے کہتا ہے'' رسوم و روایات، امن و جنگ کے زمانے میں انفرادی اور اجتماعی رویے، دوسروں سے اکتساب کئے ہوئے طریقہ ہائے کار، سائنس، مذہب اور فنون کا وہ مجموعہ ثقافت کہلاتا ہے جو نہ صرف ماضی کا ورثہ ہے بلکہ مستقبل کے لئے تجربہ بھی ہے''۔

ای۔بی۔ٹیلر ثقافت کی تعریف اس طرح کرتا ہے: ''ثقافت سے مراد وہ علم، فن، اخلاقیات، قانون، رسم ورواج، عادات، خصلتیں اور صلاحیتوں کا مجموعہ ہے جس کو کوئی اس حیثیت سے حاصل کرسکتا ہے کہ وہ معاشرہ کا رُکن ہے''۔

اسی طرح ثقافت کی تعریف میں رابرٹ ایڈفلیڈر رقمطراز ہے: ثقافت انسانی گروہ کے علوم اور خودساختہ فنون کا ایک ایسا متوازن نظام ہے جو باقاعدگی سے کسی معاشرہ میں جاری وساری ہے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ ثقافت، کلچر، تہذیب اور تمدّن جیسے الفاظ کے معنیٰ ومفہوم کو اردو میں خلط ملط کیا گیا ہے۔کسی معاشرہ کی بامقصد تخلیقات اور سماجی اقدار کے نظام کو تہذیب کہتے ہیں۔تہذیب معاشرے کے طرزِ زندگی اور طرزِ فکر واحساس کا جوہر ہوتی ہے۔ چنانچہ زبان، آلات اور اوزار، پیداوار کے طریقے اور سماجی رشتے، رہن سہن، فنونِ لطیفہ، علم وادب، فلسفہ وحکمت، عقائد وافسون، اخلاق وعادات، رسوم وروایات، عشق ومحبت کے سلوک اور خاندانی تعلقات وغیرہ تہذیب کے مختلف مظاہر ہیں۔انگریزی زبان میں تہذیب کے لئے ''کلچر'' کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے، جب کہ ثقافت کے لئے بھی کلچر ہی کا استعمال کیا جاتا ہے۔اردو، فارسی اور عربی میں کلچر کے لئے ''تہذیب'' کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔تہذیب عربی زبان کا لفظ ہے۔اس کے لغوی معنی ہیں کسی درخت یا پودے کو کاٹنا، چھانٹنا، تراشنا، تاکہ اس میں نئی شاخیں نکلیں اور نئی کونپلیں پھوٹیں۔فارسی میں تہذیب کے معنیٰ، ''آراستن پیراستن'' پاک ودرست کردن اور اصلاح نمودن'' ہیں۔اردو میں تہذیب کا لفظ عام طور پر شائستگی کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔مثلاً جب ہم کہتے ہیں کہ فلاں شخص بڑا مہذّب یا تہذیب یافتہ ہے تو اس سے ہماری مراد یہ ہوتی ہے کہ شخصِ مذکور

کے بات کرنے، اُٹھنے بیٹھنے اور کھانے پینے کا انداز اور رہن سہن کا طریقہ ہمارے روایتی معیار کے مطابق ہے۔ وہ ہمارے آدابِ مجلس کو بڑی خوبی سے ادا کرتا ہے۔ اور شعر و شاعری یا فنونِ لطیفہ کا ستھرا ذوق رکھتا ہے۔ انگریزی زبان کا لفظ کلچر لاطینی زبان کا ایک لفظ ہے، جس کے لغوی معنی ہیں: ' زراعت، شہد کی مکھیوں، ریشم کے کیڑوں، سیپوں اور بیکٹر یا کی پرورش یا افزائش کرنا۔ جسمانی یا ذہنی اصلاح وترقی، کھیتی باڑی کرنا،'' کلچر سے مُراد رسم و رواج، ادب آداب، لباس، غذا، رہائش اور بولی جانے والی زبان ہوتی ہے۔ کلچر کی یہ روایات ہر فرد کی ذات کا ایک حصہ ہو جاتی ہیں۔ اگر چہ کلچر وقت، ماحول اور ضرورت کے تحت بدلتا رہتا ہے مگر یہ لوگوں کے دل دماغ کو متاثر کرتا ہے۔ موجودہ زمانے میں تہذیب اور کلچر کے بارے میں عالموں نے تحقیق کی ہے، جس کے نتیجے میں وہ دونوں کے درمیان فرق قائم کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ تہذیب اپنی وسعت میں کلچر کے کئی پہلوؤں کو سمو لیتی ہے، جب کہ کلچر اپنی انفرادیت کو قائم رکھتا ہے۔ اس موضوع پر ٹیلر سنٹر نے قدیم کلچر کے عنوان سے کتاب میں پہلی مرتبہ کلچر کے بارے میں وضاحت کی ہے۔ اس کے مطابق کلچر کو معاشرے کے افراد اپناتے ہیں اور اس کی روایات کے تحت اپنی زندگی بسر کرتے ہیں۔ یہ روایات ان کی زندگی کے ہر پہلو پر حاوی ہو جاتی ہیں اور ان کی پیروی کرتے ہوئے کلچر کے ذریعے معاشرے میں اتحاد کو قائم رکھتے ہیں۔ کلچر ان کی ذات کا ایک حصہ بن جاتا ہے اور اس سے ان کا نفسیاتی تعلق پیدا ہو جاتا ہے۔ جب یورپی اقوام نے ایشیاء اور افریقہ کے ملکوں کو فتح کیا اور اسپین نے جنوبی امریکہ میں اپنا اقتدار قائم کیا تو ان کی پہلی کوشش یہ تھی کہ مقامی کلچر کو ختم کر کے لوگوں کی شناخت کو مٹا دیا جائے۔ اس کی مثال قدیم چائنہ میں چین

خاندان کی حکومت کی ہے، جس نے سب سے پہلے چین کو متحد کیا تھا اور چھوٹی ریاستوں کو ختم کر دیا تھا۔ اس خاندان کے حکمران نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ دوسری ریاستوں میں جو تاریخ، کلچر اور فلسفے پر کتابیں ہیں ان کو جلا دیا جائے۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کی وفاداری صرف چن خاندان سے رہے اور وہ اپنی پرانی شناخت اور کلچر کو بھی بھول جائیں۔

ہندوستان میں جب ابتدائی دور میں انگریز آئے تو انہوں نے ہندوستانی کلچر کو اختیار کر کے خود کو یہاں کے معاشرے میں ضم کرنے کی کوشش کی۔ اُنہوں نے ہندوستانی عورتوں سے شادیاں کیں اور ان کے طور طریق، عادات اور زبانوں کو اختیار کیا، لیکن جیسے جیسے ان کا اقتدار بڑھا، اُنہوں نے ہندوستانی کلچر کو چھوڑ کر مغربی کلچر کو اختیار کیا، بلکہ اپنے اقتدار کے لئے بھی یہ ضروری سمجھا کہ ہندوستانی کلچر کو کمزور کیا جائے، تا کہ اس سے لوگوں کی شناخت نہ رہے وہ آسانی کے ساتھ انگریز حکومت کو قبول کر لیں۔ اس منصوبے کو اُنہوں نے تعلیمی اداروں کے ذریعے عملایا، جہاں انگلستان کی تاریخ اور ادب کو پڑھایا جاتا تھا۔ انگریزی زبان کو سرکاری زبان کا درجہ دے کر لوگوں کو ان کی اپنی بولی جانے والی زبانوں سے کاٹ دیا۔ یہاں تک کہ آہستہ آہستہ تعلیم یافتہ لوگ مغربی تہذیب کے قریب ہوتے چلے گئے۔ موجودہ دور کو عالمگیریت کا دور کہا جاتا ہے۔ اس میں امریکہ اور مغربی کلچر کا غلبہ ہے، جو دنیا کے دوسرے کلچروں کو ختم کر کے ان کو گلوبل بنا رہا ہے۔ جب تک مقامی کلچر محفوظ رہے تھے، اس کی وجہ سے دنیا میں رنگینی اور دلکشی تھی۔ اگر ایک ہی کلچر کا غلبہ ہو جائے تو زندگی میں یکسانیت آجاتی ہے۔ اگر قوموں کی ثقافتی شناخت ختم ہو جائے تو اس کا دوسرا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان میں اپنے ملک اور قوم سے تعلق ختم ہو جاتا ہے اور سرمایہ دارانہ منڈی میں

ان کی حیثیت صارفین کی ہو جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مغربی سرمایہ دار مقامی ثقافتوں کو ختم کر کے لوگوں کی شناخت کو بھی مٹا رہے ہیں۔ یہ حال قریب قریب دنیا کے ہر چھوٹے بڑے ملک کا ہے، جو سب پر عیاں ہے۔ ہر تہذیب اپنے تمدّن کی پیش رو ہوتی ہے۔ تہذیب کے لئے شہر، دیہات، صحرا اور کوہستان کی کوئی قید نہیں۔ کیونکہ تہذیب معاشرے کی اجتماعی تخلیقات اور اقتدار کا نچوڑ ہوتی ہے۔ اسی لئے تہذیب کے آثار ہر معاشرے میں ملتے ہیں۔ خواہ وہ غاروں میں رہنے والے نیم وحشی قبیلوں کا معاشرہ ہو یا صحراؤں میں مارے مارے پھرنے والے خانہ بدوشوں کا معاشرہ ہو۔ چنانچہ تہذیب اس زمانے میں بھی موجود تھی جب انسان پتھر کے آلات و اوزار استعمال کرتا تھا اور جنگلی پھلوں اور جنگلی جانوروں کے شکار پر زندگی بسر کرتا تھا۔ اسپین اور فرانس کے غاروں کی رنگین تصویریں اور مجسمے اب سے چالیس پچاس ہزار برس پیشتر کے انسان کے حسنِ عمل اور حسنِ ذوق کا نادر نمونہ ہیں۔

تہذیب کے ساتھ ساتھ ایک اور لفظ ''تمدّن'' استعمال کیا جاتا ہے۔ تمدّن کی بنیادی شرط شہری زندگی ہے۔ تمدّن اسی وقت وجود میں آتا ہے، جب شہر آباد ہوتے ہیں۔ دراصل تمدّن نام ہی ان رشتوں کی تنظیم کا ہے جو شہری زندگی اپنے ساتھ لاتی ہے۔ خواہ یہ تنظیم انسان کے باہمی رشتوں سے تعلّق رکھتی ہو یا انسان اور مادی چیزوں کے باہمی ربط سے وابستہ ہو۔ یہی تنظیم آگے چل کر ریاستی نظام کی اساس بنتی ہے۔ تحریر کا رواج بھی تمدّن ہی کا مظہر ہے، کیونکہ وہ معاشرہ، جو فنِ تحریر سے ناواقف ہو، اس کو مہذّب کہا جا سکتا ہے، لیکن متمدّن نہیں کہا جا سکتا ہے۔

ثقافت ایک ایسا لفظ اور ایک ایسی اصطلاح ہے، جس کے بارے میں مختلف افراد معاشرہ اور مشاہیر کے متعیّن کردہ مفاہیم میں فرق و اختلاف موجود رہا ہے۔ ہمارے معاشرے میں کچھ لوگ ایسے ہیں، جو اسلام کی بنیاد پر ثقافت کو اسلامی ثقافت کی اصطلاح کے تحت زیرِ بحث لاتے ہیں۔ کچھ افراد قومی ثقافت کی اصطلاح کو استعمال کرتے ہیں۔ کچھ عوامی ثقافت کی بات کرتے ہیں۔ کچھ لوگ مقامی ثقافت کے فروغ میں اپنا حصہ ڈالتے ہیں اور اسے فروغ دینے میں اپنی توانائیاں صرف کرتے ہیں۔ کچھ لوگ افرادی کلچر کی بھی بات کرتے ہیں۔ بعض لوگوں کے نزدیک مشرق اور مغرب ہر دو کی الگ الگ ثقافت ہے۔ اس لئے وہ مشرقی ثقافت اور مغربی ثقافت کی اصطلاح استعمال میں لاتے ہیں۔ آیئے! یہاں پر ثقافت کی اصطلاح کا مختلف مفاہیم کی روشنی میں ایک جائزہ لیں۔

ثقافت عربی زبان کا لفظ ہے۔ اس کا مادہ ث ق ف ہے۔ اس کے معنی ہیں: پالینا، سیدھا کرنا، وغیرہ۔ کلاسیکل عربی میں اس لفظ کو اس معنی میں کبھی بھی استعمال نہیں کیا گیا۔ فارسی میں اس کا مترادف لفظ ''شائستگی'' استعمال میں لایا جاتا رہا ہے۔ ڈاکٹر سیّد عبداللہ لکھتے ہیں: ''تاریخ میں، علم الاجتماع، حیاتیات، بشریات اور نفسیات میں اس موضوع پر تفصیلی بحثیں آئی ہیں۔ آکسفورڈ کنسائز ڈکشنری میں لکھا ہے: ''دراصل یہ لفظ (Cultivation) یعنی کاشت کے معنیٰ سے ہوتا ہوا ترتیب، نشو ونما اور ترقّی کی منزل تک پہنچا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ ترقّی و تربیت صرف انسان تک محدود نہیں ہے، بلکہ دیگر اشیاء، حیوانات و نباتات بھی اس میں شامل ہیں''۔ مہذّب لکھنوی کی لغت کے مطابق ثقافت ''استحکام اور تعلیم یافتہ طبقہ کی زبان ہے''۔ فرمان فتح پوری کے نزدیک ثقافت ''اعلیٰ

مظاہر'' کا نام ہے۔فضل الٰہی عارف اور ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے نزدیک ثقافت کے معنی ''فنونِ لطیفہ،علم وادب،تمدّن اور کسی قوم کے تصوّرِحیات'' کے ہیں۔فیروز اللّغات اور قاموسِ مترادفات میں ثقافت کا ایک مطلب ''عقل مندی/ دردمندی'' بھی ہے۔ کتاب ''اردو لغت تاریخی اصول پر'' میں ثقافت کے معنی یہ ہیں ''کسی انسانی گروہ کا مذہب، اخلاق،علم وادب اور فنون'' ان تعریفات کو اگر پیشِ نظر رکھا جائے تو ثقافت کا جو مفہوم بنیادی سطح پر سمجھ میں آتا ہے وہ یہ ہے کہ ایلیٹ کلاس یا تعلیم یافتہ طبقے کا طرزِ عمل وفکر اور زندگی سے جُڑے عوامل ومظاہر میں سے وہ (عوامل ومظاہر) جو اعلیٰ وبرتر تسلیم کر لئے جائیں، اُن کو ثقافت کہا جائے گا۔اس کے علاوہ فنونِ لطیفہ،علم وادب،تمدّن سے جُڑے وہ تمام تصوّرات جن کا تعلّق کسی قوم سے ہوتا ہے،ثقافت کے معنی میں آئے گا۔

ثقافت کے ساتھ میراث یا ورثہ کو جوڑ کر ایک نئی ترکیب وجود میں آئی ہے: عالمی ثقافتی میراث یا عالمی ثقافتی ورثہ۔یہ ایک ایسے مقام کو کہا جاتا ہے، جسے ''بین الاقوامی ثقافتی پروگرام' کی بنائی گئی فہرست میں شامل کیا گیا ہو۔ان مقامات میں عموماً جنگل، پہاڑ، جھیل، صحرا، یادگار عمارات یا شہر شامل ہوتے ہیں۔اقوامِ متحدہ کے ذیلی ادارے برائے تعلیم ،سائنس وثقافت ''یونیسکو'(UNESCO) کے زیرِ انتظام چلایا جار ہا یہ پروگرام تاریخی، ثقافتی یا قدرتی اہمیت کے حامل مقامات کی فہرست مرتّب کرنے اور ان کی حفاظت کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔اس فہرست میں ہر ملک کے ایسے مقامات شامل کئے گئے ہیں، جو ثقافتی اہمیت کے حامل ہیں۔مختلف شرائط کے تحت مندرج اِن تاریخی وثقافتی مقامات کی دیکھ ریکھ اور حفاظت کے لئے ان کو عالمی ورثہ فنڈ میں سے رقومات فراہم کی جاتی ہیں۔یہ

منصوبہ ’’عالمی ثقافتی وقدرتی ورثے کی حفاظت‘ کے حوالے سے معرضِ وجود میں آئے۔ ایک عالمی میثاق’’ کے ذریعے شروع ہوا تھا، جسے ’’یونیسکو‘‘ کی مجلس عمومی نے 16 نومبر 1972ء کو منظور کیا تھا۔ عالمی ثقافتی ورثے کا حامل ہر مقام اُسی ملک کی ملکیت ہوتا ہے، جہاں وہ واقع ہو،لیکن مستقبل میں بنی نوع انسان کے لئے اسے محفوظ رکھنا عالمی برادری کی مشترکہ ذمّہ داری ہے۔ ’یونیسکو‘ کے عالمی ثقافتی ورثہ مقامات ایسا تاریخی اثاثہ ہیں جو کہ تاریخی، ثقافتی یا قدرتی اہمیت کے حامل ہیں اور کرّۂ ارض کے اجتماعی ورثہ کی حیثیت سے تمام قوموں کے لئے مشترکہ طور اہم ہیں۔

یہ بات اظہر من الشّمس ہے کہ ہر سماج اپنی جداگانہ روایات، تہذیب وتمدّن اور ثقافت رکھتا ہے اور کسی بھی خطے، قوم، معاشرے یا ملک کی تہذیب وثقافت نہ صرف اس کے تاریخی اثاثے کی ترجمان ہوتی ہے بلکہ یہ اس کی تاریخ، طرزِ تعمیر اور معاشرے کی بودو باش کی بھی عکّاسی کرتی ہے۔ کوئی بھی معاشرہ اپنی تہذیب وثقافت کے تحفّظ کے بغیر اپنی تاریخ سے منسلک نہیں رہ سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ 18 اپریل کو دنیا بھر میں اقوامِ متّحدہ کے ذیلی ادارہ برائے تعلیم، سائنس وثقافت (یونیسکو) کے زیرِ اہتمام ثقافتی ورثہ کے تحفّظ اور آگاہی کا دن منایا جاتا ہے۔ اگرچہ یونیسکو نے 16 نومبر 1972ء کو پہلی مرتبہ قدیم تہذیبوں، ثقافت اور آثارِ قدیمہ کو محفوظ بنانے کی منظوری دی تھی اور اس عزم کا اظہار کیا تھا کہ دنیا میں قدیم اور جدید تہذیبوں کے آثارِ قدیمہ اور ثقافت کے تمام آثار کو محفوظ بنایا جائے گا تاہم 18 اپریل 1982ء کو تنزانیہ میں ایک تنظیم نے عالمی سطح پر ’’پہاڑوں اور سیاحتی مقامات‘‘ کا دن منایا تھا، بعد ازاں اسی خیال کی منظوری نومبر 1983ء میں ہونے والے

یونیسکو کے 22ویں سیشن میں بھی دی گئی کہ آئندہ ہر سال 18 اپریل کو پہاڑوں اور سیاحتی مقامات کا عالمی دن منایا جائے گا مگر بعد ازاں اس دن کو ''ورلڈ ہیریٹیج ڈے''یعنی ثقافتی ورثے کے عالمی دن کا نام دے دیا گیا۔ عالمی سطح پر اس دن کو منانے کا مقصد دنیا بھر کی مختلف قدیم تہذیبوں، ان کی ثقافت، ورثہ اور آثارِ قدیمہ کو محفوظ کرنا اور ان کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے مگر برّصغیر ہند و پاک میں اس دن اور اس کے مقاصد سے واقفیت نہ ہونے کے برابر ہے، حالانکہ یہ علاقہ ورثے کے اعتبار سے انمول ذخائر کا حامل ہے۔ برّصغیر کا تاریخی خطّہ دنیا کی قدیم ترین تہذیب مہر گڑھ سے لے کر موہنجودڑو، ہڑپہ، ٹیکسلا، مغل اور برطانوی تہذیبوں کا امین رہا ہے اور آج بھی یہاں جگہ جگہ ان تہذیبوں کے اثرات ثبت ہیں۔ دوسری طرف ہندوستان کی سرزمین کو قدرت نے کہیں برف پوش پہاڑوں سے مزیّن کیا ہے تو کہیں لق دق صحرا ہیں۔ کہیں چٹیل میدان ہیں اور کہیں گہرے نیلے سمندر۔ کہیں برف زاروں سے ڈھکے کوہسار ہیں تو کہیں پانی کی بوند بوند کو ترستے صحرائی علاقے۔ بہت سے تاریخی وتفریحی مقامات کے علاوہ کشمیر اور ہماچل کے دلفریب مناظر سب کے دل موہ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ یونیسکو ملک کے متعدّد مقامات کو عالمی ثقافتی ورثے میں شامل کر چکا ہے، جو مختلف ادوار اور مختلف تہذیبوں سے تعلق رکھتے ہیں اور یہاں کی ثقافتی امارت کو ظاہر کرتے ہیں۔

اقوامِ متحدہ کے ذیلی ادارے ''یونیسکو، کی عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی'' اپنی وضع کردہ فہرست میں شامل ثقافتی مقامات کے لئے انتظامی معاملات پر غور کرنے کے حوالے سے سال میں متعدّد بار اجلاس منعقد کرتی ہے، لیکن World Heritage

Committee Session نامی اجلاس سال میں ایک ہی مرتبہ ہوتا ہے، جس میں مختلف ممالک کے نئے مقامات کو عالمی ثقافتی ورثہ کی فہرست میں شامل کیا جاتا ہے۔ سالانہ اجلاس صرف عالمی ثقافتی ورثہ کمیٹی کے رکن ممالک میں ہی منعقد ہوسکتا ہے، جس کے لئے انہیں کمیٹی کی منظوری درکار ہوتی ہے۔ ہندوستان میں فی الحال 39 عالمی ثقافتی ورثے کے حامل مقامات ہیں، جن میں آگرہ کا قلعہ (1983، اتر پردیش)؛ اجنتا کی گپھائیں (1983، مہاراشٹر) تاج محل (1983، اتر پردیش)؛ مہابلی پورم میں تاریخی عمارتوں کا گروپ (1984، تامل ناڈو)؛ سوریہ مندر، کونارک (1984، اڑیسہ)؛ گوا کی چرچیں اور پادریوں کی خانقاہیں (گوا)؛ فتح پور سیکری (1986، اتر پردیش)؛ ہمپی میں تاریخی عمارتوں کا گروپ (1986، کرناٹک)؛ کھجوراہو کے مندروں کا گروپ (1986، مدھیہ پردیش)؛ ہاتھیوں کی گپھائیں (1987، مہاراشٹر)؛ سانچی میں واقع بدھسٹ یادگاری عمارتیں (1989، مدھیہ پردیش)؛ ہمایوں کا مقبرہ۔ دہلی (1993، دہلی)؛ قطب مینار اور اس کے آس پاس کی تاریخی عمارتیں، دہلی (1993، دہلی)؛ لال قلعہ کمپلکس، (2007، دہلی)؛ راجستھان؛ رانی کی واو، (ملکہ کا غسل خانہ)، پاٹن (2014، گجرات)؛ نالندہ کی آثار قدیمہ مہاویہارا (نالندہ یونیورسٹی) نالندی (2016، بہار) قاضی رنگا نیشنل پارک (1985) آسام؛ کیولا ڈیو نیشنل پارک (1985) راجستھان؛ مانس وائلڈ لائف سنکچیور (1985) آسام؛ سندر بن نیشنل پارک (1987) مغربی بنگال؛ گریٹ ہمالین نیشنل پارک (2014) ہماچل پردیش وغیرہ شامل ہیں۔

خطۂ جموں و کشمیر ثقافتی ورثے کے حوالے سے بہت ہی آسودہ حال علاقہ ہے۔ اس

بات کا بلا خوفِ تردید اظہار کیا جاسکتا ہے کہ تاریخی وثقافتی میراث کے حوالے سے جموں وکشمیر ایک امیر ترین خطّہ ہے۔ اطّلاعات کے مطابق اس ورثے کو بچانے کے لئے محکمۂ سیاحت نے باضابطہ طور پر مہم شروع کی ہے۔اس سلسلے میں تاریخی وثقافتی اہمیت کے حامل کئی مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے، جن کو تحفّظ فراہم کیا جارہا ہے، جب کہ کئی دیگر ثقافتی مقامات کو محفوظ بنانے کے حوالے سے شروع کیا گیا کام مکمّل ہو چُکا ہے۔اُمیّد کی جانی چاہیے کہ سیّاحتی سیزن کے دوران سیّاحوں کو قدرتی نظاروں کے علاوہ کشمیر کے باوقار تمدّنی، ثقافتی اور تاریخی اثاثے بھی دیکھنے کو ملیں گے۔اس سلسلے میں نیشنل ٹرسٹ فار آرٹ اینڈ کلچرل ہریٹیج، کے اشتراک سے وادیٔ کشمیر میں 56 میراثی مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے، تاکہ ان کی عظمتِ رفتہ کو برقرار رکھتے ہوئے، میراثی سیاحت کو فروغ دیا جاسکے۔یہ مقامات ثقافتی ورثے کے حوالے سے کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ان کی حفاظت اوّلین ضرورت قرار دی گئی ہے۔ یہاں مختلف الجہتہ مقامات پائے جاتے ہیں۔ یہاں تہذیب اور ثقافت کے حوالے سے ہی ذخیرہ نہیں پایا جاتا، بلکہ جغرافیائی نزاکتیں بھی اس میں بڑا اہم رول ادا کر رہی ہیں۔ہمارا سماجی اور معاشرتی طرزِ عمل جس نوعیت کا ہے، وہ اس بات کا متقاضی ہے کہ ثقافتی وراثت کو محفوظ بنانے کی کوشش کو فروغ دیا جائے۔اس سلسلے میں سرینگر میں قائم ''ایس پی ایس میوزیم'' نام کے سرکاری ثقافتی گھر کا قیام بڑی اہمیت کا حامل ہے۔افسوس کہ شری پرتاپ سنگھ میوزیم بننے کے اُنیس سال بعد ایک بڑی چوری کی واردات پیش آئی، جس میں 68 بیش قیمت چیزیں چوروں نے لوٹ لیں، جن میں انتہائی قیمتی ریشمی ملبوسات، شاہ پسند کانی توسہ شال، پشمینہ کے لباس اور قیمتی پتھر وغیرہ شامل تھے۔ یہ بات خوش آئند ہے کہ

کچھ عرصہ قبل سرینگر کے امر سنگھ کالج کنزرویشن پروجیکٹ کو ثقافتی ورثہ کے تحفظ کے لئے یونیسکو ایشاء پیسیفک ایوارڈ سے نوازا گیا۔ یہ بات بھی کسی خوشخبری سے کم نہیں کہ حال ہی میں Bait-ul-Meeras Museum کے نام سے کشمیر کے دوسرے بڑے میوزم کا ’’ہیلپ فاؤنڈیشن‘‘ کے اہتمام سے قیام عمل میں لایا گیا، جس کا مقصد نوجوان نسل کو کشمیر کے ثقافتی ورثے سے متعلق جانکاری فراہم کرنا ہے، تا کہ عصرِ حاضر کے جدید تقاضوں کے ساتھ ساتھ وہ یہاں کے شاندار ماضی سے بھی آشنا ہو سکیں۔ قابلِ ذکر ہے کہ ہر قوم اپنے ماضی پر فخر کرتی ہے۔ اور اپنے تہذیبی اثاثوں اور یادگار کی حفاظت بھی کرتی ہے اور اسے دنیا کے سامنے پیش کرتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ حکومتِ جموں وکشمیر یہاں کے عظیم قومی وثقافتی ورثے کو تحفظ فراہم کرنے کے حوالے سے ٹھوس اور عملی اقدامات اُٹھائے۔ اس ضمن میں یہاں کی سول سوسائٹی پر بھی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ خطّے کے ثقافتی ورثہ کو تحفّظ فراہم کرنے کی خاطر حکومت کی جانب سے جاری کوششوں کو پروان چڑھانے کے لئے اپنا بھرپور تعاون پیش کرے۔

آج کے دور میں آثارِ قدیمہ اور سیاحت تہذیبی روایات اور ثقافت کی تشہیر کے علاوہ زرِمبادلہ کمانے کا بھی ذریعہ ہے۔ دنیا کے بہت سارے ممالک کی معیشت کا دارو مدار صرف سیاحت پر ہے۔ وہاں دنیا بھر سے سیّاح ہر سال چھُٹیاں گزارنے یا آثارِ قدیمہ کی سیر وتفریح کے لئے آتے ہیں۔ مصر میں اکثریت راسخ العقیدہ مسلمانوں کی ہے لیکن وہ آج بھی اپنا رشتہ فرعونوں سے جوڑتے ہیں۔ حالانکہ فراعینِ مصر سورج کے پجاری تھے۔ مصری بڑے فخر سے دنیا کے سامنے فرعون اور ان کی یادگاروں کو پیش کرتے ہیں۔ ہر سال

دنیا بھر سے لاکھوں سیّاح مصر آتے ہیں، جس سے حکومت کو ایک خطیر رقم حاصل ہوتی ہے۔ اسی طرح آج بھارت اجنتا الورا کے غاروں اور اپنی قدیم تاریخ کی باقیات کو فخریہ دنیا کے سامنے پیش کر رہا ہے۔ اور سیاحت کے ذریعے خوب زرِ مبادلہ بھی کما رہا ہے۔ ٹائمز آف انڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق تاج محل کے ٹکٹس کی فروخت سے سالانہ کم از کم 25 کروڑ روپئے وصول ہوتے ہیں۔ اسی طرح آگرہ کے لال قلعہ، قطب مینار اور دیگر بیسیوں سیاحتی وثقافتی مقامات کے ذریعے بھی بے تحاشہ آمدنی ہوتی ہے۔

اس بات میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ عالمی ثقافتی ورثہ تمام عالمِ انسانیت کی مشترکہ میراث ہے۔ اس میں شامل تاریخی عمارتیں ہماری تہذیب وروایات اور تمدّن کی عکاّسی کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ پرانی اور تاریخی حیثیت کی حامل عمارتیں اور مقامات نہ صرف کسی علاقے کی شناخت ہوتی ہیں، بلکہ ان سے لوگوں کی نسل درنسل یادیں بھی وابستہ ہوتی ہیں اور ان کی تباہی سماج کے باشعور افراد کے لئے ذہنی کرب کا باعث بنتی ہے۔ ہمیں اپنی تہذیبی روایات اور تاریخی عمارتوں کی حفاظت کے لئے مناسب اقدام کرنا چاہیے، تاکہ انہیں باقی رکھا جاسکے۔ اگر ہم ملکوں کی تاریخ کو دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ کسی بھی قوم کے آثارِ قدیمہ اس کا قیمتی سرمایہ اور قومی ورثہ ہوتے ہیں، جو نہ صرف اپنے اندر اس قوم کی تہذیب وثقافت کی پوری تاریخ سموئے ہوئے ہوتے ہیں، بلکہ اپنے اندر بڑی کشش بھی رکھتے ہیں۔ بالخصوص سیّاحوں کے لئے ماضی کے تاریخی کھنڈرات نہایت دلچسپی کا باعث ہوتے ہیں۔ محقّقینِ آثار قدیمہ، کھنڈرات سے قدیم تہذیبوں کے راز تلاش کر کے تاریخ مرتّب کرتے ہیں۔ زندہ قومیں اپنی تہذیب وثقافت کو

کبھی فراموش نہیں کرتیں بلکہ اپنے ماضی اور آباء واجداد کی روایات، اقدار، تمدّن اور معاشرت کو نہ صرف زندہ رکھنے کی کوشش کرتی ہیں، بلکہ ان کی حفاظت اور اپنی نسل کو ان سے روشناس کرانے اور آئندہ نسلوں تک ان کی منتقلی کو یقینی بنانے کے لئے کوشاں رہتی ہیں۔ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ نئی نسل کو اپنی ثقافت، تاریخی ورثہ اور قدیم تہذیبوں سے متعارف کرانا ہمارا قومی فریضہ ہے۔ انسانی تاریخ کے اس بیش قیمت اثاثے کو ہر قسم کے نقصانات سے بچا کر آنے والے زمانوں کے لئے محفوظ و مامون رکھنے کی اہم ذمّہ داری نہ صرف سرکاری انتظامیہ، بلکہ پوری بین الاقوامی انسانی برادری پر عائد ہوتی ہے۔ ہر سال منایا جانے والا ''عالمی یوم میراث'' کا مخصوص دن ہمیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ تاریخی وثقافتی میراث کی بے پناہ اہمیت وافادیت، اس کو درپیش خطرات، اور اس کے مکمل تحفّظ کے ضمن میں عوامی سطح پر ایک ہمہ گیر بیداری پیدا کی جائے۔ چنانچہ اس دِن کی مناسبت سے دنیا کے تمام ممالک میں مختلف سرکاری، نیم سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے زیر اہتمام سمپوزیم، سمینار، مباحثے، روڈ شو، تقریری وتحریری مقابلے، جلسے جلوس، اور دیگر قسم کی تقاریب منعقد کر کے لوگوں کے اندر بیداری وشعور اجاگر کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پوری دنیا میں ثقافتی ورثے کا اہم ہونا ہم سے تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنی تہذیب وثقافت اور ثقافتی میراث کی حفاظت کے لئے نہ صرف اقدام کریں، بلکہ اس کے تحفّظ، بچاؤ اور رکھ رکھاؤ کے لئے بھی مناسب اہتمام کریں۔ کیونکہ بلا شبہ میراث ہماری روایات، تہذیب وتمدّن اور ثقافت کی عکّاس ہے۔

☆☆☆

ترجمہ کار: مفتی شفیق الرحمٰن خان قاسمی

خوشنویسی

﴿آخری قسط﴾

کشمیر سے مغلوں کی حکمرانی کے خاتمے کے ساتھ ہی دوبارہ کشمیر سے خوشنویسی کے ایک سُنہرے دور کا بھی خاتمہ ہوگیا۔مگر یہ شمع پھر بھی جلتی رہی۔افغان دور میں کشمیر میں افراتفری اور ظلم وستم کا دور دورہ رہا۔مگر اس کے باوجود خوشنویسی کے فن کا سفر برابر جاری رہا۔افغانوں نے بھی کشمیریوں کی فنکاری کا اعتراف کیا چنانچہ کشمیری خطّاط اور خوشنویس افغان حکمرانوں کے دربار سے وابستہ رہے۔اس دور کے نامور کشمیری خوشنویسوں میں سے محمد ہاشم کشمیری،عبدالکریم قادری اور حافظ عبدالوہّاب جیسے خوشنویس قابلِ ذکر ہیں۔

ان کے علاوہ پنڈت بیر بل کاچرو، پنڈت دیا رام خوشدلؔ اس دور کے مشہور خوشنویسوں میں سے ہیں۔ بیر بل کاچرو فارسی زبان کا ایک بڑا عالم اور شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بہترین خطّاط بھی تھا۔انہی خصوصیات کی بناء پر وہ تیمور شاہ درّانی کا میر مُنشی بنا۔ایک خط میں وہ اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے لکھتا ہے:

کہ خوشنویس بننا اللہ تعالیٰ کے بڑے انعام سے سرفراز ہونا ہے۔پنڈت جی نے فنِ خوشنویسی کے موضوع پر ایک رسالہ بھی لکھا ہے۔اس دور کے خطّاطوں میں سے ایک بڑا خطّاط ''محمد الرّسول'' ہے۔جس کے ہاتھ کے لکھے ہوئے خوشنویسی کے کچھ نمونے کلچرل اکیڈیمی سرینگر میں محفوظ ہیں۔اس دور کے خوشنویسوں میں سید جمال الدین، بابا عبداللہ

مخدومی، نافع، فاخر، مرزا مجرم، ہماوغیرہ کا ذکر بھی آیا ہے۔

افغان دور کے بعد کشمیر پر سکھوں کا تسلّط رہا، مناسب سرپرستی نہ ملنے کی وجہ سے یہ فن اس دور میں کمزور ہونے لگ گیا۔ اس کے باوجود ہمیں سکھ دور میں اس کے بعد ڈوگرہ دور میں بہت سے کشمیری خطّاط دکھائی دیتے ہیں۔ مشہور مؤرّخ خواجہ اعظم دیدہ مریؒ نے اسی دور میں اپنی کتاب ''منشات اعظمی'' تصنیف کی۔ جس میں اُنہوں نے فن خوشنویسی کے کچھ اصول، قلم پکڑنے کے طریقے اور کاغذ کی پیائش کرنے کے طریقے وغیرہ قلم بند کئے ہیں۔ یہ کتاب کافی عرصے تک کشمیر کے مدارس کے نصاب میں داخل رہی۔ 1830ء میں صرف سرینگر شہر میں تین سو خطّاط تھے جو مذہبی کتابوں کی کتابت کر کے گزر بسر کرتے تھے۔ اس دور کے کچھ قابلِ ذکر خطّاط یہ ہیں۔ ملاّ حیدر پتلو، میر محی الدین مہدی، اکمل احمد علی، محمد یوسف ٹوپیگرو، پنڈت دیارام شآد۔

اس دور میں یہ فن سمٹتے سمٹتے کچھ خاندانوں تک محدود ہوکر رہ گیا۔ جن میں سے خانیار، جامع مسجد، رعناواری، اوران کے گردونواح میں بسنے والے کچھ خانوادے خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔ محمد سیف الدین پنڈت، محمد سعید قاری خانیار، قاضی عزیز الدین عاشق کشمیری، منشی محمد حسن جیسے حضرات ڈوگرہ دور کے آخری ایاّم کے مشہور خطاطوں میں سے ہیں۔

1947ء کے بعد یہ فن زیادہ ہی کسمپرسی کا شکار ہوگیا۔ چھاپ خانوں کا رواج بڑھ گیا۔ مشینوں کا عروج اس فن کے زوال کا سبب بن گیا۔ اگر چہ اس دور میں چھاپ

خانوں کے رواج کے بڑھ جانے کی وجہ سے خطّاطوں کی مانگ بڑھ گئی۔مگر وہ کمال باقی نہ رہا جس کو خطّاطی یا خوشنویسی کہتے ہیں۔

اخبارات کی اشاعت اور پبلشنگ ہاؤس قائم ہونے سے کتابت روزگار کا ذریعہ بن گئی۔اور اب یہ فن مالی منفعت سے جُڑ گیا۔کام زیادہ ہونے کی وجہ سے جلدی جلدی لکھنے کی عادت عام ہوگئی،اور خطّاطی کی وہ روایات نابود ہوگئیں جن کو خطّاطی کی دنیا میں کشمیری قلم،کشمیری اسلوب یا کشمیری طرح کہتے تھے۔خوشنویسی کے اساتذہ عنقاء ہوگئے یا ان کی کوئی حیثیت ووقعت باقی نہیں رہی۔کاتب عام ہوگئے اور فن کے معیار ختم ہوگئے۔

فن خطّاطی کی اس زبوں حالی کو دیکھتے ہوئے 1959ء میں کلچرل اکیڈیمی سرینگر میں تعلیم گاہِ خوشنویسی کا قیام عمل میں لایا گیا۔اور یہاں اُستاد حسام الدین خانیاری کو اُستاد مقرر کیا گیا۔مگر 1962ء میں اس تعلیم گاہ کو بند کردیا گیا۔اس کے بعد 1974ء میں تعلیم گاہِ خوشنویسی کو دوبارہ شروع کیا گیا۔اور کلچرل اکیڈیمی کی طرف سے ٹیگور ہال میں فنِ خطّاطی کا تین سالہ کورس شروع کیا گیا۔بتاریخ 31 جولائی 1974ء مرحوم شیخ محمد عبداللہ نے باضابطہ طور پر تعلیم گاہِ خوشنویسی کا افتتاح کیا۔پیر محمد افضل کو اس تعلیم گاہ کا نگران مقرّر کیا گیا۔اور جناب محمد صدّیق کو بطورِ اُستاد متعین کیا گیا۔تعلیم گاہِ خوشنویسی 2019ء تک برابر کام کرتی رہی اور اس تعلیم گاہ سے تقریباً ایک ہزار طلباء وطالبات نے فنِ خوشنویسی کی سند حاصل کی۔مگر 2019ء سے کچھ تکنیکی وجوہات کی بناء پر اس تعلیم گاہ کو بند کردیا گیا۔اور اب دوبارہ اس کو شروع کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔اُمیّد ہے کہ مستقبلِ قریب میں

یہ تعلیم گاہ کسی نہ کسی شکل میں اپنا کام شروع کردے گی۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ اس تعلیم گاہ میں زیرِتربیت طلباء وطالبات کو ماہانہ وظیفہ بھی فراہم کیا جاتا تھا۔

گذشتہ پچہتر سالوں کے دوران کشمیر میں کچھ نامور خوشنویس اور کاتب پیدا ہوئے ۔جن میں سے بعض کا یہاں پر تذکرہ کیا جارہا ہے۔

مرحوم غلام رسول بٹ علمگری بازار: ان کا شمار گزشتہ صدی کے ممتاز کشمیری خوشنویسوں میں ہوتا ہے۔ وہ محکمۂ اطلاعات میں ملازمت کرتے تھے۔ان کا ایک خاص لاہوری اسلوب تھا ۔اُنہوں نے تقریباً ایک سو کتابوں کی کتابت کی۔ان کا انتقال 1979ء میں ہوا۔

سیف الدین بٹ: یہ ایک ممتاز تاریخ دان ہونے کے ساتھ ساتھ فنِ خوشنویسی کے رموز سے بھی آشنا تھے۔ ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے بہت سے نمونے ان کے فرزند محمد امین پنڈت کے پاس موجود تھے۔

مرحوم غلام حسن رضوی: فن خوشنویسی کے دلدادہ لوگوں میں ان کو ایک اہم مقام حاصل تھا۔انہوں نے عمر بھر خوب محنت کر کے فنِ خوشنویسی میں ایک اہم مقام حاصل کرلیا تھا۔

غلام رسول بٹ سولنہ: بٹ صاحب نصف صدی سے زیادہ فنِ خوشنویسی کے ساتھ وابستہ رہے، وہ کشمیر کی تاریخ سے بڑی گہری واقفیت رکھتے تھے۔ اور وہ بڑے زبردست نسخہ شناس تھے۔اُنہوں نے ریاستی محکمۂ تحقیق واشاعت میں بطورِ خطّاط خدمات انجام دیں۔

پیر محمد افضل مخدومی: پیر صاحب کا شمار فنِ خوشنویسی کے اساتذہ میں ہوتا ہے۔ اُنہوں نے عمر بھر فنِ خطّاطی میں مہارت حاصل کرنے کے لئے انتھک کوشش کی۔ 1974ء میں

جب ریاستی کلچرل اکیڈیمی میں تعلم گاہِ خوشنویسی کا قیام عمل میں لایا گیا تو اس وقت ان کو اس تعلیم گاہ کا سربراہ مقرر کیا گیا۔ فنِ خوشنویسی کے شائقین کی ایک کثیر تعداد نے ان سے فیض حاصل کیا۔

محمّد صدّیق: صدیق صاحب کا شمار اپنے دور کے بلند پایہ خوشنویسوں میں ہوتا ہے۔ اُنہوں نے ایک طویل مدّت تک کلچرل اکیڈیمی کی تعلیم گاہِ خوشنویسی میں بطورِ استاذ کام کیا۔ سینکڑوں لوگوں نے ان سے فنِ خوشنویسی کی تربیت حاصل کی۔ وہ نستعلیقِ دہلوی کے طرز پر کتابت کرتے تھے۔ انہیں اپنے فن پر پوری دسترس حاصل تھی۔ اُنہوں نے بہت سی کتابوں کی کتابت کی اور خوبصورت و شاندار سرِ ورق بھی بنائے۔

محمد یوسف مسکیںؔ: مسکیںؔ صاحب کلچرل اکیڈیمی کے ساتھ بطورِ ہیڈ کاتب وابستہ رہے۔ اُنہوں نے 1974ء میں کلچرل اکیڈیمی کے اہتمام سے منعقدہ کُل ہند مقابلۂ خطّاطی میں امتیازی درجہ حاصل کیا تھا۔ یوسف صاحب فنِ خوشنویسی کے رموز و اسرار سے واقف ہیں۔ اُن کے ہاتھ کے بنے ہوئے سرِ ورق قابلِ دید ہوتے تھے۔ انہیں اس فن میں یدِ طولیٰ حاصل ہے۔

مرحوم سیّد شبیر احمد رضوی: مرحوم شبیر احمد رضوی کو اپنے دور کے خطّاطوں میں اعلیٰ مقام حاصل تھا۔ اور اس کا اعتراف ان کے دور کے تمام فن شناس کرتے تھے۔ اُنہوں نے فنِ خوشنویسی اپنے والد سیّد غلام حسن رضوی سے سیکھا تھا۔ اور تھوڑی ہی مدت میں اُنہوں نے اس فن میں امتیازی مقام حاصل کرلیا تھا۔ وہ نستعلیق، شکستہ، غبار، طغریٰ کوفی اور تعلیق وغیرہ

انتہائی صفائی اور خوبصورتی کے ساتھ لکھتے تھے۔ انہیں نقّاشی کے ساتھ بھی انتہائی شغف تھا۔ اس کے علاوہ وہ حیران کُن انداز میں گیٹ اپ بناتے تھے۔ ان کی خطّاطی میں متانت، نفاست، لوچ اور ہمہ رنگی پائی جاتی تھی۔ جس کو دیکھتے ہوئے اصحابِ نظر انہیں زرّین قلمِ ثانی کہتے تھے۔ کشمیر کا یہ مایہ ناز خطّاط سرطان جیسے مہلک مرض میں مُبتلا ہو کر عین جوانی کے عالم میں ماہِ مارچ 1994ء میں اس دارِفانی سے عالمِ جاودانی کی طرف انتقال کر گیا۔

پنڈت کاشی ناتھ رازدان:- پنڈت جی کافی عرصے تک تعلیم گاہِ خوشنویسی میں بطورِ استاذ کرم کرتے رہے اور بہت سے طلباء کو انہوں نے خوشنویسی کی تعلیم دی۔ ان کا مخصوص لاہوری طرز خوشنما اور شاندار تھا۔

علاوہ ازیں جن خوشنویسوں نے اپنے خونِ جگر سے فنِ خطّاطی کی آبیاری کی ان میں ولی محمّد میر، معراج ترکوی، گلزار احمد، طاہر شمس الدین، محمّد امین واجدی، اسداللہ خان، محمّد خلیل، ظفر احمد، محمّد افضل اندرابی، عباس احمد، محمّد یعقوب، محمّد رمضان وانی، محمّد صادق، محی الدین، مقصود احمد، سید بہار شاہ، قاضی نظام الدین، غلام محمّد مخدومی، شریف الدین وفائی، محمّد سلیم خانیاری، غلام قادر، محمّد شفیع، عبدالحمید، عبدالرّؤف، شریف احمد اندرابی، محمّد امین قاری، غلام نبی کول، غلام نبی مہاجن، پیر غلام حسن وفائی، حسام الدین وفائی، غلام رسول عارف، پنڈت لسہ کول وغیرہ شامل ہیں۔

یہ بات پہلے ہی کہی جا چکی ہے کہ کشمیر میں فنِ خوشنویسی کو زوال پذیر ہونے سے بچانے کے لئے کلچرل اکیڈیمی میں نہ صرف یہ کہ تعلیم گاہِ خوشنویسی کا قیام عمل میں لایا گیا

بلکہ اس فن کی طرف لوگوں کو راغب کرنے اور اس فن کو فروغ دینے کے لئے کل ہند مقابلۂ خطّاطی بھی منعقد کیا گیا۔ چنانچہ تعلیم گاہِ خوشنویسی نے بہت سے ماہر خوشنویس تیار کئے اور ماضیٔ قریب تک یہ سلسلہ جاری تھا۔ اور انہی کوششوں سے اس مشینی دور میں بھی کشمیر میں خوشنویسی کی روایت نہ صرف زندہ رہی بلکہ اس کو مزید فروغ حاصل ہوا اور نئی نسل اس فن سے جُڑ گئی۔ تعلیم گاہِ خوشنویسی سے فارغ ہونے والے خطّاط مختلف سرکاری اور غیر سرکاری محکموں میں اپنی صلاحیت کے جوہر دکھاتے رہے۔

کشمیر میں مذہبِ اسلام کی باضابطہ اشاعت چودہویں صدی عیسوی میں ہوئی۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں خطِ کوفی اور اس سے وابستہ دیگر خطوط رواج نہیں پا سکے۔ چونکہ کشمیر میں ابتداءً تبلیغ کرنے والے بزرگوں کا تعلق وسط ایشیاء سے تھا۔ لہٰذا یہاں وہ خطوط براہِ راست مروّج ہو گئے جو اس دور میں وسط ایشیاء میں رائج تھے۔

اسلامی خطّاطی درجنوں خطوط پر مشتمل ہے اور کشمیر میں تقریباً یہ تمام خطوط اختیار کئے گئے۔ ان میں سے کچھ خطوط کا یہاں تذکرہ کیا جاتا ہے۔

(۱) خطِ نسخ: کشمیر میں اشاعتِ اسلام کے بعد سب سے پہلے یہاں یہی خط رائج ہوا۔ اس خط کو کشمیر میں عربی خط بھی کہتے ہیں۔ یہ خط مغلیہ دور تک تمام خطوط میں سرِفہرست رہا۔ اس خط کو خطِ نسخ اس وجہ سے کہا جاتا ہے کیونکہ اس خط کے وجود پذیر ہونے سے بغداد میں تمام پرانے خط منسوخ ہو گئے تھے۔

(۲) خطِّ ثلث: خطِ نسخ کو اگر جلی قلم کے ساتھ لکھا جائے تو اس کو خطِّ ثلث کہا جاتا ہے۔

''ثُلث'' عربی زبان میں تہائی حصے کو کہا جاتا ہے۔اور عربی زبان کا ایک مقولہ ہے کہ جس نے یہ خط سیکھ لیا اس نے فنِ خطّاطی کا ایک تہائی حصہ حاصل کرلیا۔اسی بناء پر اس خط کا نام خطِ ثلث پڑ گیا۔

(۳) **خطِّ رقاع**: چونکہ اس خط میں رُقعے تحریر کئے جاتے تھے۔اس لئے یہ خطِ رقاع کے نام سے مشہور ہو گیا۔

(**خطِّ توقیع**: شاہی فرمان اسی خطِ میں لکھے جاتے تھے۔اگر خط رقاع کو جلی قلم سے لکھا جائے تو اس خطِ توقیع کہتے ہیں۔

(۵) **خطِّ محقّق**:-اس خط کے حروف کی پیمائش میں بڑی تحقیق سے کام لیا جاتا تھا۔اسی وجہ سے یہ خطِ محقّق کے نام سے مشہور ہو گیا۔اس خط میں دستاویز، معاہدے اور شاہی فرمان تحریر کئے جاتے تھے۔

(٦) **خطِّ ریحان**: کہا جاتا ہے کہ یہ خط اپنی خوبصورتی میں ریحان جیسی نزاکت رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے اسکو خطِ ریحان کہا جاتا ہے۔

322ھ (934ء) میں حسن فارسی نے خطِّ تعلیق ایجاد کیا۔ابن مقلہ کے خطوط کے بعد ایجاد ہونے والا یہ ساتواں خط تھا۔تُرک اور مصری لوگ اس خط کو خطِ دیوانی کہتے تھے۔یہ خط تقریباً چار صدیوں تک ایران، ترکیا، مصر اور ہندوستان میں رائج رہا۔

امیر تیمور (571ھ-801ھ/1369ء-1398ء) کے دور میں خواجہ میر علی تبریزی نام کے ایک شخص نے خطِ نسخ اور خطِّ تعلیق کے امتزاج سے ایک نیا خط ایجاد کیا جس

کو خطِ نستعلیق کا نام دیا گیا۔ یہ خط اپنی خوبصورتی میں اپنی مثال آپ ہے۔ اور اس خط میں تکلف اور نزاکت پائی جاتی ہے۔

دسویں صدی ہجری میں میرزا محمد حسین نام کے ایک بلند پایہ خطّاط نے خطِ نستعلیق اور خطِ تعلیق کے امتزاج سے خطِ شکستہ ایجاد کیا۔ اس خط کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ بڑی تیزی سے لکھا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس میں ٹیڑھا پن سا پیدا ہو جاتا ہے۔ اسی وجہ سے اس کو خطِ شکستہ کہا جاتا ہے۔ اس خط کو عام دفتری کام میں استعمال کیا جاتا تھا۔ مذکورہ خطوط کے علاوہ اور خطوط بھی وقتاً فوقتاً ایجاد کئے گئے جن میں سے خطِ بابری، خطِ بہاری وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ یہ خطوط چند صدیوں تک جاری رہے اور پھر آہستہ آہستہ ان کا رواج ختم ہو گیا۔

خوشنویسوں نے تحریر کی تزیین اور اس کو خوبصورت بنانے کے لئے کچھ مستقل خطوط بھی ایجاد کئے جن میں سے چند کو یہاں پر ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) خطِ گلزار: اس خط میں حروف کے درمیان نقاشی یا گلکاری کی جاتی ہے۔

(۲) خطِ ماہی: اس خط میں حروف کے اندر مختلف زاویوں میں مچھلی بنائی جاتی ہے۔

(۳) خطِ طاؤس: اس خط میں حروف مور یا اس کے پروں کی شکل میں لکھے جاتے ہیں۔

(۴) خطِ ہلال: اس کے حروف ہلال یعنی نئے چاند کی شکل پر لکھے جاتے ہیں۔

(۵) خطِ گوہر: اس خط میں حروف کے چھوٹے دائروں کو موتیوں کی شکل دی جاتی ہے۔

(۶) خطِ غبار: اس خط میں حروف کی شکل باریک لفظوں یا باریک قلم سے لکھی جاتی ہے۔

(۷) خطِ لرزہ: اس خط میں حروف تھرتھراہٹ دار لکھے جاتے ہیں۔ گویا کہ ان کا لکھنے والا

تھرتھراہٹ اور کانپنے کی حالت میں ان کو لکھ رہا ہو۔

(۸)خطِّ زلفِ عروس:اس خط میں حروف کے آخر کو لہراتی ہوئی زلفوں کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔

(۹)خطِّ منشور: اس خط میں حروف فیتے یا ربن کی طرح لہراتے ہوئے دکھائے جاتے ہیں۔

(۱۰)خطِّ تو اَم:اس خط کے حروف کی دو لکیریں ہوتی ہیں۔جو دو ورقوں پر ہوتی ہیں۔ جب ان دو ورقوں کو آپس میں ملایا جاتا ہے تو ایک خوبصورت عبارت رونما ہو جاتی ہے۔

(۱۱)خطِّ طغرٰی:اس خط میں حروف اس طرح بنائے جاتے ہیں کہ ان سے کسی انسان ،حیوان یا کسی اور چیز کی تصویر بنائی جاتی ہے۔

(۱۲)خطِّ مقابل:اس خط کو طغرٰی کے طور پر اس طرح لکھا جاتا ہے کہ اصل لفظ لکھ کر وہی الفاظ اس کے برابر یا اوپر نیچے لکھے جاتے ہیں۔

(۱۳)خطِّ ناخن:-یہ خط ناخنوں سے لکھا جاتا ہے۔

ان خطوط کے کچھ مخصوص اسالیب اور روشیں(Styles) ہیں۔مثلاً نستعلیق جن مقامات پر پہنچا ان مقامات کی طرف نسبت کرتے ہوئے اس کو کسی مخصوص روش کا نام دے دیا گیا۔مثلاً روشِ ایرانی، روشِ دہلوی، روشِ لاہوری اور خاص طور سے روشِ کشمیری ۔یہی حال باقی خطوط کا بھی ہے۔

موجودہ دور میں آفسیٹ(Offset)لکھائی کا رواج ہے۔کمپیوٹر اور جدید قسم

کی مشینوں سے مختلف رنگ، مختلف ڈزائین وغیرہ بنائے جانے کے علاوہ تحریر اور لکھائی کو زیادہ سے زیادہ جاذبِ نظر بنانے کی کافی گُنجائش ہوتی ہے۔

کشمیری زبان کا رسم الخط (Script) خطِّ نستعلیق کو قرار دیا گیا ہے اور معمولی ردّوبدل کے ساتھ اردو لکھنے والے خوشنویس کشمیری زبان بھی آسانی کے ساتھ لکھ سکتے ہیں۔اور اب تک اس کشمیری رسم الخط میں بڑی تعداد میں کتابیں منظرِ عام پر آچکی ہیں۔

ماضیٔ قریب میں جدید ترین ٹیکنالوجی کی مدد سے اردو رسم الخط کے لئے (Computerised composing) ایجاد کی گئی۔اور اب یہی طریقۂ کار جاری و رائج ہے۔مگر اس کی لکھائی min خونِ جگر کی آمیزش نہیں ہوتی۔ جو ایک خوشنویس کے اپنے قلم میں پائی جاتی ہے۔

:ازانسائیکلوپیڈیا کشمیریانا جلد:3

نوشتہ نویس:محمد اشرف ٹاک

☆☆☆

مراجع وماٰخذ:

ابوالفیض......آئینِ اکبری

بابا داودؒ......دستورالسالکین

باباداؤد......قصیدۂ غسیلیہ

حسن کھویہامی......تاریخِ حسن جلد ثانی۔

مخدومی......ہمارا ادب

نیاز مند.....ہفت گنجِ سلطانی

صلاح الدین......بزمِ تیموری۔

ساقی......بازیافت اردو کشمیر یونیورسٹی۔

صرفیؒ......مغازی النبیؐ

عثمان......صحیفۂ خوشنویساں۔

☆

ڈاکٹر حسرت حسین

اننت ناگ کی تمدّنی، معاشرتی اور تہذیب اہمیت
ایک خاکہ

اگرچہ یہ کہنا مشکل ہے کہ قصبۂ اننت ناگ کا یہ نام کب اور کس وقت پڑا، البتہ یہ بات عیاں ہے کہ اس تاریخی قصبہ کی معاشرتی اور ثقافتی اہمیت ہمیشہ سے ہی بڑی خاص الخاص رہی ہے۔ چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ تہذیبوں کے چلن اور اُن کے ارتقاء کا جنوبی خطّوں سے خصوصی تعلّق رہا ہے۔ ایسے ہی وادیٔ جنت نظیر کشمیر میں جنوبی کشمیر کو ایک خاص اہمیت حاصل رہی ہے۔ چنانچہ یہ علاقہ نہ صرف انتہائی حسین وجمیل ہے بلکہ دیکھا جائے تو اس علاقہ میں چشموں اور گلیشروں کا ایک لاتعداد اور لامثال سلسلہ پایا جاتا ہے۔ جو کئی ایک خوبصورت دریاؤں کی شکل اختیار کرکے نہ صرف اس علاقہ کو سیراب کرتے ہیں بلکہ پورے خطۂ کشمیر کے جو علاقے اس کے نشیب میں پڑتے ہیں، مثلاً سرینگر، حاجن، سوناواری وغیرہ ان سب علاقوں کی سیرابی بھی جنوب سے آنے والے ان دریاؤں کی مرہونِ منت ہے۔

بہرکیف آج بھی قصبۂ اننت ناگ میں یہ روایت زبان زد ہے کہ بُنیادی طور پر بہت سے چشموں کی بنا پر ہی اس قصبہ کا نام اننت ناگ پڑا ہے۔ چنانچہ اننت ناگ قصبہ میں

دو اہم چشمے ساز ناگہ بل اور ملکھ ناگ صدیوں سے تا حال پوری آب وتاب کے ساتھ موجود ہیں، ان کے بغل میں ایک اور چھوٹا سا چشمہ ''گندھک ناگ'' بھی ہے، جس کا پانی جلد کے بیماروں Sikn patients کے لئے ایک بیش بہا اکسیر ہے۔ قصبہ اننت ناگ کم از کم پانچ بڑے دریاؤں کا سنگم بھی ہے۔ غالباً اس علاقے میں چشموں کی کثرت کی وجہ سے اس قصبے کا نام اننت ناگ یعنی چشمہ سار پڑا ہے۔

ایک قیاس یہ بھی ہے کہ اس قصبہ کا نام راجہ اننت کی طرف منسوب کر کے رکھا گیا ہے۔ کلہن نے راج ترنگنی میں راجہ اننت کا زمانہ 1028ء سے 1063ء تک بتایا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ راجہ اننت نے کوئی 35 سال تک حکومت کی۔ اس راجہ کے بارے میں کئی باتیں مشہور ہیں۔ مثلاً یہ کہ اُس کی سلطنت لاہور پنجاب تک پھیلی ہوئی تھی اور اس کے دورِ حکومت میں راجہ اچل منگل نے کشمیر پر حملہ کیا تھا، بعض قیاس آرائیوں کے مطابق راجہ اننت نے امر ناتھ اور بجبہاڑہ یعنی وجیش اور امریش کے مندروں کو رانی سو یہ متی کے مشورے سے تعمیر کرایا تھا، اس راجہ کا دور ہر طرح کی اتھل پتھل سے بھر پور تھا۔ راجہ اننت کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس نے اپنے انتہائی لاڈلے اور پیارے بیٹے کے نام پر اپنی رانی کے ساتھ مل کر ایک سداشو مندر تعمیر کرایا تھا۔ آخر میں اس نے شاہی محل کو خیر آباد کہہ دیا تھا۔

البتہ یہ بات کہیں کُھل کر سامنے نہیں آتی ہے کہ اننت ناگ کا قصبہ اسی راجہ نے بسایا تھا۔ قصبۂ اننت ناگ کی تمدّنی اور تاریخی اہمیت اُس وقت مزید بڑھ گئی جب پٹھان دور میں اسلام خان نام کے ایک گورنر نے اس کا پُرانا نام تبدیل کر کے اسے اننت ناگ کے بجائے اسلام آباد کا نام دے دیا اور قصبہ کے تاریخی چشمہ ناگہ بل کے نچلے طبقہ میں ایک

باغ اور بیچ والے آبشار کے بغل میں ایک مسجد تعمیر کرائی جب کہ چشمے کا بالائی حصہ حسبِ سابق ہندوؤں کے زیرِ قبضہ رہا۔اس اوپری طبقہ میں اب تین مندر موجود ہیں جو بالترتیب شیو جی ، پاروتی اور ہنومان کے ہیں۔ یہاں کے ہنومان مندر کو اگر ریاست کے بڑے مندروں میں شمار کیا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا،اس کے علاوہ اسی طبقہ میں سکھوں کا بھی ایک بڑا قدیم گوردوارہ موجود ہے۔جہاں سکھوں کے ایاّمِ متبرکہ کے دوران بڑا اجتماع ہوتا ہے۔ہندو مندروں کی زیارت کے لئے کشمیری پنڈت بڑی تعداد میں آتے رہتے ہیں۔

پٹھان دور کے بعد ڈوگرہ مہاراجوں نے قصبۂ اننت ناگ کی طرف اچھی خاص توجّہ مرکوز کی۔اُنہوں نے علاقۂ اننت ناگ میں جن خاص جگہوں کو اپنی دلچسپی اور توجّہ کا مرکز بنایا ان میں سیر سالی بھی ہے، جہاں انہوں نے بادام اور امبری سیبوں کا باغ لگایا، شکارگاہِ ترال اور مالون رکھ کولگام جہاں وہ ہرن کا شکار کرنے کے لئے اور سیر کے لئے جایا کرتے تھے۔اس کے علاوہ اُنہوں نے قصبہ کے شیر باغ ’’جسے شیر خان افغان گورنر نے تعمیر کروایا‘‘ کے وسط میں ایک تالاب بنوایا جس میں میرے بچپن کے ایام میں مچھلیوں کے لمبے لمبے جُھنڈ ہوتے تھے،ایک مچھلی کے کانوں میں مہاراجہ نے سونے کی بالیاں ڈالی تھیں یہ مچھلی غالباً پندرہ سے بیس کلو کی تھی۔1975ء تک یہ سماں دیکھنے سے ہی عبارت تھا مگر اُس کے بعد لوگوں نے ان مچھلیوں کو اپنا نوالہ بنانا شروع کیا اور اس طرح اُن کی تعداد اور چشمہ کی پوترتا کافور ہوگئی۔

ریاست کے وزیرِ اعلیٰ مفتی محمّد سعید صاحب نے اپنے پہلے دورِ اقتدار میں اس جگہ کی طرف خاصی توجّہ دے کر شیر باغ کے بغل میں ایک خوبصورت پارک بنوائی اور اسی

طرح وزیر باغ کو بھی ترقی دی۔

شیر باغ اننت ناگ کا دل ہے، یہاں لوگ نہ صرف غسل اور وضو کے لئے آتے ہیں بلکہ تفریح کے ساتھ ساتھ قصبے کے پورے لوگ امیر، غریب سب کے سب زمستاں ہو کہ گرمی غرض ہر موسم میں اپنے ملبوسات اور بوری بستروں کو اس صاف و شفاف آبِ زلال سے دُھونے کا اہتمام کرتے ہیں۔

ناگہ بل اور شیر باغ کی اہمیت اسی بات میں مُضمر ہے کہ اس کے بغل میں زمانۂ دراز سے دھوبی محلّہ آباد ہے جس کے باشندے تین دہائی پہلے تک اپنے موروثی پیشہ کی بدولت اس باغ کی زینت تھے، ان پیشہ ور دھوبیوں نے ہر وقت حکمرانوں سے خاصی عزّت اور توقیر حاصل کی۔ علاقہ بھر میں آج بھی کہیں کہیں دھوبی خاندان کے لوگ آباد ہیں جیسے کیموہ، فرصل، یاری پور، زینہ پورہ، مارتنڈ (مٹن) اچھ بل، کولگام، کوکرناگ وغیرہ۔

اننت ناگ میں کئی ایک بازار گزشتہ زمانوں سے بہت سرگرم رہے ہیں۔ ان میں سے ریشی بازار، چینی چوک، کافی حد تک تمدّنی اور معاشرتی اہمیت کے حامل رہے ہیں۔ ان دونوں بازاروں میں آس پاس کے دیہاتوں سے آنے والے لوگوں کی وجہ سے کافی گہما گہمی رہتی تھی۔ کیونکہ یہاں صارفین کی ضرورت کی تمام چیزیں ہر وقت دستیاب رہتی تھیں اور ان دونوں بازاروں کی یہ روایت تا ایندم جاری و ساری ہے۔ یہاں ہر کوئی چیز چھوٹی ہو کہ بڑی ملتی تھی۔

ریشی بازار کا نام قصبہ کے ممتاز اور معروف برگزیدہ روحانی بُزرگ اور دینی رہنما ریشی مول کے نام پر پڑا ہے۔ آپ شیخ العالمؒ کے بعد غالباً ایک سو سال بیت جانے کے بعد

کوئی 1550ء کے آس پاس پیدا ہوئے۔ اور بعد میں یہیں پر اپنے مولیٰ سے جا ملے ۔آپ کے مراسم ابوالفقراء بابا نصیب الدّین غازیؒ اور بابا داوٗ خاکیؒ کے ساتھ تھے۔

جہاں تک چینی چوک کا تعلق ہے یہ محلّہ کسی چینی باشندے نے آباد کیا ہوگا۔

قصبہٗ اننت ناگ کا لال چوک بھی ماضی میں کافی اہمیت کا حامل رہا ہے۔آج کل یہ ایک چوراہا ہے۔ جہاں سے ایک سڑک کھنہ بل سے ہوتی ہوئی (سرینگر سے جموں) کی طرف جاتی ہے تو دوسری سڑک ڈورو کوکرناگ وترسو سے ہوتے ہوئے سمتھن ٹاپ کراس کرکے کشتواڑ ،مڑو، وڈون علاقوں کی طرف جاتی ہے، چوک کا مشرقی راستہ شیر باغ کی طرف جاتا ہے۔اور شمالی کوچہ محلہٗ کوتوال جسے کوتوال گلی بھی کہا جاتا ہے سے آگے بڑھ کر ڈانگر پورہ سے ہوکر کوچک محلات کو چھوڑ کر اچھی ڈور کی جانب بڑھتا ہے۔موجودہ دور میں لال چوک کی اہمیت کافی بڑھ چکی ہے۔ دن بھر لوگ خرید و فروخت کرتے رہتے ہیں ہزاروں کی تعداد میں چھوٹی بڑی گاڑیاں اسی چوک کو مرکز بنا کر دوردراز علاقوں کو آتی جاتی رہتی ہیں۔

قصبہٗ اسلام آباد میں بیسیوں مساجد اور زیارت گاہیں بھی دیکھنے کو ملتی ہیں، ان مساجد میں جامع مسجد ریشی مالو(یہاں حنفی مسلک سے تعلق رکھنے والے لوگ نماز اور آستان کی زیارت کرنے میں مصروف رہتے ہیں) مسجد جمعیتِ اہلحدیث شیر باغ، یہ شیر باغ کے جنوب میں کچھ ہی فرلانگ پر آباد ہے، یہ ایک چار منزلہ مسجد ہے،اس میں بیک وقت غالباً چار ہزار نمازی سما سکتے ہیں۔مسجد کے ساتھ ایک مکتبہ بھی ہے۔اس مسجد کو بھی مرکزی اہمیت حاصل ہے

مسجد راحت دیدی یہ ایک پرانی مسجد ہے۔ کہا جاتا ہے کہ راحت دیدی ایک نیک اور پارسا بزرگ خاتون تھی جس نے یہ مسجد تعمیر کروائی تھی، اس میں حمام اور ایک لائبریری بھی ہے۔ یہاں بھی اہلِ عقیدت لوگ نماز پڑھتے ہیں۔

مسجد ڈانگر پورہ یہ مسجد شریف کو چک محلّہ اور سرنل اڈہ کے درمیان میں واقع ہے۔ اس کا نچلہ حصہ دوری پتھروں سے بنا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ یہاں دھوبی بابا صاحب کی مسجد بھی واقع ہے۔

مسجد شیخ العالمؒ یہ مسجد زیارت لسہ صاب خان اور ٹانگہ بھان اڈہ کے درمیان میں آباد ہے۔ یہ سہ منزلہ ہے۔ اس مسجد کو تعمیر کروانے میں جنوبی کشمیر کے ہر دلعزیز میر واعظ جناب ڈاکٹر قاضی نثار مرحوم نے خاص پہل کی تھی۔ مسجد سے متصّل ایک دارالعلوم بھی قائم کیا گیا ہے جہاں تشنگانِ علوم کو دینی تعلیم سے سیراب کیا جاتا ہے۔

مسجد بس اڈہ یہ مسجد شریف قصبہ کے پُرانے بس اڈہ میں آس پاس کے دُکانداروں اور کے ایم ڈی ایسوسی ایشن کی وساطت سے 1984ء میں تعمیر کی گئی۔ ۔مولانا شریف الدین (سرنل) یہاں غالباً دو دہائیوں تک وعظ کا فریضہ انجام دیتے رہے۔

مسجد صادق آباد یہ مسجد کے پی روڈ کے ایک جانب قاضی محلّہ میں واقع ہے، اس کے ایک طرف اننت ناگ کا صدر ڈاکخانہ اور زنانہ کالج ہے اس مسجد کو بھی مرکزی حیثیت حاصل ہے۔

مسجد بیت المکرّم یہ مسجد قصبہ کے نئے بڑے بس اڈے کے قریب مغرب کی جانب ایک وسیع رقبے پر واقع ہے۔ یہاں ایک مکتبہ بھی ہے۔

مسجد دارُالھدیٰ یہ مسجد بھی ایک وسیع رقبے پر واقع ہے اور اس کو بھی مرکزی حیثیت حاصل

ہے۔مسجد سے متصل ایک مکتبہ اور ایک بڑی لائبریری بھی موجود ہے۔

علاوہ ازیں مسجد چینی چوک، مسجدِ شیر پور، مسجدِ جنگلات منڈی، مسجدِ اشاجی پور، مسجدِ بون اڈاہ، مسجدِ نئی بستی جمعیت اہلحدیث، مسجدِ ابراہیم، مسجدِ نند پورہ، مسجدِ جامع پولیس لائنز، مسجدِ کٹوکھنہ بل، مسجدِ پہرو، یہ سبھی مساجد اسلام آباد قصبہ کے وسط میں اور اس کے ارد گرد واقع ہیں۔

ضلع اننت ناگ کے قرب و جوار میں کشمیری پنڈتوں کی اچھی خاصی تعداد پائی جاتی تھی ،اس علاقہ نے کئی ایک چیدہ پنڈت شخصیتوں کو جنم دیا جیسے پنڈت جیالال کلم، پنڈت پیارے لال ہنڈو، جانکی ناتھ بھٹ (شوپیان) نرنجن کول (کولگام)، جواہر لال سرور(چوگام)، ارجن دیو مجبور(زینہ پورہ شوپیان)، شام لال پردیسی (کھر براری کولگام) موہن لال آش (بجبہاڑہ) کشب بندھو(ترال)،سروانندکول پریمی (صوف) شمبو ناتھ بھٹ حلیم (آرہ) رادھے ناتھ مسرّت (زینہ پورہ) بوشن لال بھٹ (بجبہاڑہ)، وغیرہ۔

پرانے ضلع اننت ناگ میں سکھ فرقے کی بھی خاصی آبادی ہے۔علاقے میں کئی ایک گاؤں ایسے ہیں جہاں سکھوں کی آبادی مسلمانوں اور پنڈتوں سے بھی زیادہ ہے۔مثلاً چٹھی سنگھ پورہ، مٹن، پالہ پورہ، شاجی مرگ، دیور، زلڈورہ، چندری گام، ہُٹمراہ، چھترو گام وغیرہ۔

اسی طرح ہندو دھرم کے پیروکار بھی کولگام علاقے میں کاکربن ،مالون وغیرہ گاؤں میں آباد ہیں۔

قصبۂ اننت ناگ کی تہذیبی، معاشرتی اور تجارتی اہمیت اُسوقت مزید بڑھ گئی جب جواہر ٹنل وجود میں آیا۔ اب ریلوے ٹنل اور بائی پاس ٹنل کی بدولت اس کی اہمیت میں اور زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ اِس سے پہلے کارٹ روڈ سوپور سے ہی تجارت ہوتی تھی۔ علاوہ ازیں امرناتھ یاترا کے لئے ہندو زائرین کی ایک بڑی تعداد وارد ہونے لگی جس کی وجہ سے ضلع کے بڑے سیاحتی مقام پہلگام کی اہمیت دوبالا ہوگئی۔ پہلگام کے بارے میں انگریز سیّاحوں کا کہنا ہے کہ یہ جگہ دنیا کی حسین وجمیل اور خوبصورت Bounteous جگہ ہے۔ جو فطرتی حسن اور قدرتی نظاروں سے مالا مال ہے۔

اسلام آباد (اننت ناگ) کے لوگ از حد منکسر المزاج اور نرم گفتار ہیں۔ انسان دوستی اور علم پروری میں اپنی مثال آپ کا مصداق ہیں۔ اور اس خطّے کو یہ خصوصیت اس وجہ سے حاصل ہوئی کہ اس کی کوکھ سے بڑے بڑے زاہدین اور فقیروں نے جنم لیا جنہوں نے تپسیا اور ریاضت کے نہایت ہی کٹھن مراحل کو طے کرکے اس خطّے کو روحانیت کے نور سے منوّر کیا۔ ان حضرات میں سے کیموہ کے بُندریشی حضرت شیخ العالمؒ آپ کے روحانی پیروکار بابا ہردی ریشی المعروف ریشی مولؒ، دھوبی بابا صاحبؒ، بابا داوٗد خاکیؒ، ابوالفقراء حضرت بابا نصیب الدین غازیؒ، لسہ خان صاحب (فدا) وغیرہ خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔

اگر غور وفکر سے اس خطّے کے بارے میں مطالعہ کیا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ یہ جگہ ہندو مذہب اور اسلام کا گہوارہ رہی ہے۔ چنانچہ بابا نصیب الدینؒ (بُمہ زو) اور بابا زین الدین ولیؒ (عشمقام) نے اپنے مرشدِ کامل علمدارِ خطۂ کشمیر شیخ العالمؒ کی پیروی کرکے یہاں باطنی اسرار ورموز کی وہ چھاپ ڈالی ہے کہ ان کی زیارتیں صدیاں بیت

جانے کے باوجود بھی مرجعِ خاص وعام ہیں۔ یہاں مسلمانوں کے علاوہ کشمیری پنڈت، سکھ اور دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے زائرین بھی فیض و برکات حاصل کرنے کے لئے بڑی تعداد میں آتے رہتے ہیں۔

چونکہ قصبۂ اسلام آباد (اننت ناگ) زندہ دل لوگوں کا مسکن ہے۔ لہٰذا یہاں کے صاحبِ ثروت لوگوں نے ایک خیراتی ادارہ Charitable trust بھی قائم کیا ہے جو کہ غالباً گزشتہ پانچ دہائیوں سے غریبوں، ناداروں، مسکینوں، کمزوروں اور مستحق لوگوں کی امداد اور معاونت میں پیش پیش ہے، ذرائعِ آمدورفت کی فراوانی کی بدولت اب قصبۂ اسلام آباد میں خطۂ جموں کے بانہال، کشتواڑ، رام بن، گول گلاب گڑھ کے لوگوں کا بڑی تعداد میں آنا جانا رہتا ہے۔ اور یہ لوگ علاج ومعالجہ اور دیگر ساز وسامان کی حصولیابی کی غرض سے آتے رہتے ہیں۔

قصبۂ اسلام آباد میں جو خاندان اپنی علمی، ادبی، سیاسی، معاشی اور تجارتی سرگرمیوں میں پیش پیش رہے ہیں ان میں کوچک، بیگ، شاردار، کوتھرو، کوترو، تھپل، لُولو، نندا، دیوا، خان، بچو، ریشی، میر، بٹ، گلگار، نجار، کانٹرو، گوجہ، کنٹھ، ستھو، شیخ، شاہ، ٹاک، مخدومی، سہروردی، ملک، داند، کاردار، شال، بودا، گنائی، صوفی، حکیم، پہرے، ماگرے، موجہ خال، رفیقی، شوخلہ وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

اننت ناگ کا سیشن کورٹ ریاست کا تاریخی کورٹ ہے، یہاں قصبہ اور ضلع کی ممتاز قانونی شخصیات اپنے فرائضِ منصبی نبھا چکے ہیں۔

☆☆☆

شبیر احمد خان شمس

پہاڑی زبان اور ڈراما نگاری

پہاڑی زبان کبھی بھی بانجھ نہیں رہی ہے اگرچہ صدیوں سے اس کی اولاد یعنی پہاڑی زبان بولنے والے محکومیت کی زندگی گزارتے رہے اور ان سے جب حکومت، ثروت، عزّت، شہرت، سیاست، دولت سب کچھ چھن گیا اور اس کسمپرسی، غریبی، لاچارگی، لاعلمی، میں اُنہوں نے ہر طرح کی مصیبتیں جھیلیں۔ یہاں تک کہ ایک وقت ایسا بھی گزرا کہ خود پہاڑی زبان بولنے والوں کو اپنی پہچان تک یاد نہ رہی، اس مشکل دور میں صرف اور صرف اپنی زبان اور ثقافت ہی رہ گئی تھی جس کو اس قوم نے سینے سے لگا کر اپنے جینے کا سہارا بنایا اور واقعی اس کے بغیر اور کوئی سہارا یا جینے کا آسرا بھی موجود نہیں تھا۔ یہی قوم کہیں راٹھی، کہیں پارما، کسی جگہ پونچھی تو کہیں کرنا ہی کہیں سراجی اور کہیں ہندکو۔ کہیں پوٹھواری کہیں ہزاری کہلاتی تھی۔ ہر علاقے میں الگ الگ بندر بانٹ ہوئی۔ اس قوم کا شیرازہ بکھر چکا تھا نہ ہی اس کی کوئی قومیت بچی تھی اور نہ ہی کہیں اس کا کوئی اتحاد تھا۔ ایک مدّت کے بعد مختلف اطراف سے آوازیں اُٹھنا شروع ہوئیں بکھرے ہوئے اعضاء جڑنے لگے اور یہ ایک قوم کی صورت میں اُبھری اور اس قوم کے سپوت براہِ راست اعلیٰ ایوانوں میں اپنی شناخت لے کر پہنچے پھر یہ آوازیں جب ایک آواز بن گئیں تو حکام کے کانوں تک بھی یہ

آواز پہنچی۔ یہ سب کچھ اتفاقاً نہیں ہوا بلکہ اس کے لئے اس زبان سے محبّت رکھنے والے کچھ جیالوں نے کمر کس لی تھی اور یہ ایک کارواں بنتا گیا۔اب پوری قوم کو جگانے کے لئے اہم ہتھیار کا انتخاب ہوا جو لوگوں کے جذبات کی ترجمانی کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے جذبات و احساسات سے ہم آہنگ بھی ہو۔ وہ اہم ہتھیار تھا لوک گیت ، اور ڈرامے ، پہاڑی ڈراموں نے بکھرے ہوئے لوگوں کو ایک جگہ جمع کیا۔ان ڈراموں کے اسٹیج ہونے سے لوگوں کو اپنا کھویا ہوا وقار دوبارہ حاصل ہوا۔اور اُنہوں نے نئی آن بان کے ساتھ گویا کہ ایک نئی زندگی کا آغاز کیا اور وہ ایک نئے عزم و ارادہ کے ساتھ کارگہہِ حیات میں اُترے۔

ڈراما نہ تو محض مکالماتی تحریر کا نام ہے اور نہ محض واقعات اور کرداروں کا مجموعہ، نہ یہ محض کھیل ہے اور نہ ہی فلسفہ، بلکہ آج بھی اس کے اجزاء پلاٹ، کردار، مکالمے اور زبان پر مشتمل ہیں۔۔اسی طرح رنگ، شکل اور روشنی، عکس اور سکوت بھی اس کا حصہ نہیں۔

ڈراما کیا ہے؟

انسائیکلو پیڈیا برنا ٹیکا کے مطابق ڈراما اس یونانی لفظ سے ماخوذ ہے۔جس کے معنی ہیں ''عملی طور پر دکھائی جانے والی چیز۔شیلڈن چینی لکھتے ہیں کہ '' ڈراما اس یونانی لفظ سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں '' میں کر رہا ہوں' ' اور اس کا اطلاق کئی گئی چیز پر ہوتا ہے۔

(The theatre New York , 1947.13)

بوطیق میں ارسطو نے ڈرامے کی کوئی با قاعدہ تعریف پیش نہیں کی ہے مگر اس بارے میں اس کی پیش کردہ توضیحات سے ڈرامے کی تعریف کچھ اس طرح مرتّب کی

جاسکتی ہے:

ڈراما انسانی افعال کی ایسی نقل ہے جس میں الفاظ کی موزونیت اور گیتوں کے ذریعے کرداروں کو محوِ گفتگو اور الفاظ میں مصروفِ عمل ہو بہو ویسا ہی دکھایا جائے حقیقت میں جیسے وہ ہیں یا اس سے بہتر یا بدتر انداز میں پیش کیا جائے۔(ترجمہ،عزیز احمد، دہلی 1977، صفحہ 47)

ڈرامے کی مختلف ادیبوں اور دانشوروں نے لاتعداد اور تعریفیں بھی پیش کی ہیں ان سب کا نچوڑ یہاں سادہ اور مختصر الفاظ میں یوں پیش کیا جاسکتا ہے: کسی قصیے یا واقعے کو کرداروں کے ذریعے تماشائیوں کے سامنے پھر سے عملاً پیش کرنے کو ڈراما کہتے ہیں۔ان تعریفوں میں ''کرنا، کیا گیا، یا'' کر کے دکھائی گئی چیز'' جیسے الفاظ کی تکرار ہے جس سے ڈرامے میں عمل کی اہمیت کی غمّازی ہوتی ہے۔اصل میں ڈراما ناول یا افسانے کی طرح کا تحریری ادب نہیں جو لکھنے پڑھنے تک ہی محدود ہو بلکہ اس کا لازمی رشتہ اسٹیج سے ہے، یہ اُسی وقت ممکن ہوتا ہے جب کہ اس کو کرداروں کے ذریعے اسٹیج پر عملاً پیش کیا جائے۔ جیسے ڈرامے کی تحریری شکل (Script) کی اہمیت اس نقشے جیسی ہے جس کو کوئی عمارت تعمیر کرنے سے قبل تیار کرلیا جاتا ہے۔اگر چہ نقشے میں عمارت کی تمام تر تفصیلات موجود ہوتی ہیں پر نقشے کے مکمّل ہونے سے عمارت کی تکمیل نہیں ہوسکتی۔اسی طرح اسکرپٹ کے تیار ہونے سے ڈراما مکمّل نہیں ہوتا۔جیسے عمارت کی تکمیل کے لئے اینٹ، پتھر، سیمنٹ، لوہا، ریت، لکڑی، مستری، بڑھئی اور مزدوروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ایسے ہی ڈرامے کے لئے اسکرپٹ کے علاوہ اداکار، تماشائی، اسٹیج، آواز، روشنی، موسیقی اور کاس ٹیومز کے ساتھ اور کئی

چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

اس کے علاوہ یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ ڈرامے کے وجود میں آنے کی محرّک دو انسانی جبلّتیں ہیں، یعنی اظہارِ ذات اور نقالی کی جبلّت، اظہارِ ذات سے مراد یہ ہے کہ انسان جو کچھ سوچتا ہے، محسوس کرتا ہے یا جو تجربات حاصل کرتا ہے یہ وہ دوسروں کو دکھانا چاہتا ہے۔اس پر خوشی یا رنج کی جو کیفیت گزرتی ہے اس میں دوسروں کو بھی شریک کر کے وہ فطری طور پر سکون محسوس کرتا ہے۔ کیونکہ انسان کو جن مشاہدات، خیالات، تجربات اور جذبات و کیفیات سے واسطہ پڑتا ہے وہ انھیں اپنی ذات تک محدود نہیں رکھ سکتا ہے اگر وہ یہ سب کچھ اپنے اندر رکھ لے تو وہ دیوانہ ہو جائے یہ ایک فطری عمل بھی ہے انسانی صحت کی ضرورت بھی۔

کچھ محقّقین کا یہ بھی کہنا ہے کہ نقّالی کا مادہ بھی انسانی فطرت میں ازل سے موجود ہے۔ بچوں کا توتلی زبان میں نقل اُتارنا، کسی کو چھیڑنے کے لئے اس کی آواز یا حرکات کی نقل کرنا انسانی فطرت ہے۔غرض یہ کہ ڈراما ایک ایسی صنف ہے جس کا تعلّق انسانی فطرت و جبلّت سے ہے۔

سنسکرت قواعد کے مطابق ڈراما ایک ایسی نظم ہے جو لکھی جائے یا دکھائی سنائی جائے۔ سنسکرت شاعری کی دو قسمیں ہیں ایک ''درشے'' (دیدنی) دوسری ''شروے'' (شنیدنی) گویا کہ ڈرامے کا تعلق دونوں سے ہے مگر پھر بھی اس کا شمار ''درشے'' کے ساتھ ہوتا ہے۔

ناٹیہ شاستر میں ڈرامے کی تعریف اس طرح کی گئی ہے۔''اومیتھا نکرتی ناٹیم

''یعنی کسی واقعہ کو پھر سے کرنا ناٹیہ ہے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ مغربی ہندوستانی ڈرامے کے اجزاء اور عناصر الگ ہوں تو ہوں ڈرامے کی تعریف میں زیادہ فرق نہیں۔ ارسطو اس کو نقل قرار دیتے ہیں تو ناٹیہ شاستر''نوکرتی''یعنی پھر سے کرنا، مطلب دونوں کا ایک ہی ہے۔

ڈراما کے اجزائے ترکیبی:

ارسطو کے مطابق ڈرامے کے اجزائے ترکیبی چھ ہیں

(۱) پلاٹ (۲) کردار (۳) مکالمہ (۴) زبان (۵) موسیقی (۶) آرائش

ان کی ترتیب بھی اس ارتقائی ترتیب کے مطابق ہے۔

پلاٹ: جس وقت الگ الگ واقعات ایک فطری تسلسل، بامعنی اور باطنی ربط اور آہنگ کے ساتھ ہم آہنگی سے پیش کئے جارہے ہوں تو اسے پلاٹ کہتے ہیں۔ پلاٹ میں اسباب وعلل پر زیادہ زور دیا جاتا ہے۔ جس طرح ناول کے حوالے سے ای، ایچ فارسٹر کہانی اور پلاٹ کا فرق واضح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ''بادشاہ مرگیا اور رانی بھی مرگئی'' تو یہ صرف ایک واقعہ یا کہانی نہیں رہا بلکہ پلاٹ بن گیا۔ یہی بات ساتھ ساتھ ڈرامے کے پلاٹ پر بھی صادق آتی ہے۔ اچھے پلاٹ میں واقعات کی ترتیب ایک خاص ڈھنگ کی ہوتی ہے۔ واقعات ایک کے بعد ایک اس طرح آگے بڑھتے ہیں کہ ان میں منطقی جوڑ اور تسلسل بھی ہوتا ہے اور دلچسپی بھی بڑھ جاتی ہے۔ کسی بھی اچھے پلاٹ میں کوئی واقعہ ایسے ہی سامنے نہیں آتا بلکہ یہ واقعہ ایسے پیچھے کے واقعے کا نتیجہ ہوتا ہے۔

محدود وقت میں ڈرامے کو پورا کرنے کے لئے ڈرامے کا پلاٹ اختصار کا بھی

تقاضا کرتا ہے۔ لہٰذا اس کی چھانٹ کانٹ اور تشکیل میں ایک خاص فنی مہارت کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہاں واقعات کو اس طرح ترتیب دیا جاتا ہے کہ ان میں مسلسل ارتقاء ہو، یہاں تک کہ یہ نقطۂ عروج تک پہنچ جائیں۔ عام طور پر پلاٹ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ انفرادی اور اُلجھے ہوئے۔ انفرادی سے یہ مراد ہے کہ جب کسی ایک شخص سے جُڑے ہوئے مختلف واقعات آپس میں مربوط ہوں اور ان میں قریب قریب ایک ہی طرح کے جذبات کا رنگ ہو۔ اُلجھے ہوئے پلاٹ سے مراد یہ ہے کہ جب کسی شخص کے متعلق مختلف واقعات بیان کئے جائیں تو ضروری نہیں کہ یہ آپس میں جُڑے ہوئے ہوں۔ دوسرے کرداروں کی مدد سے جزوی واقعات بھی اس کی شخصیت کے ساتھ وابستہ ہو جائیں اور اس میں قصّہ در قصّہ پیدا ہوتا جائے۔ پیشکش کے لحاظ سے انفرادی یا سادہ پلاٹ زیادہ موزوں ہوتا ہے۔ پلاٹ میں زیادہ اُلجھاؤ یا پیچیدگی حرکت اور عمل میں رُکاوٹ بن جاتی ہے۔ اور تماشائیوں کو بور اور بے دل کر دیتی ہے۔

پلاٹ کو چھ مرحلوں میں بانٹا جا سکتا ہے۔

(۱) آغاز یا تمہید (۲) ابتدائی وقفہ (۳) عروج کی شروعات (۴) نقطۂ عروج (۵) تنزّل (۶) انجام

پلاٹ میں تمہید کا مقصد آگے آنے والے افعال و اعمال کے متعلق مناسب اشارے کرنا، مواد کے متعلّق ضروری واقفیت مہیّا کرنا جن سے آگے آنے والے واقعات کو سمجھنے میں مدد ملے۔ تمہید میں ایسی چیزیں شامل ہوں جو ابتدائی واقعے یعنی دوسرے مرحلے کی طرف متوجہ کریں۔ ڈرامے کا اصل عمل پلاٹ یعنی ابتدائی واقعے کے دوسرے مرحلے

سے شروع ہوتا ہے۔اس کے ساتھ ابتدائی تصادم جنم لیتا ہے۔اور ڈراما معرضِ وجود میں آتا ہے۔اس مرحلے میں انتخابِ واقعات(Selection of incident) بڑا اہم ہے کیونکہ ڈراما نگار کسی بیان یا منظر نگاری سے تو ڈراما شروع نہیں کرسکتا۔اس کو ایک ایسے واقعے کے عملِ وقوع سے ڈراما شروع کرنا ہوتا ہے جو آغاز سے ہی ناظرین کو متوجّہ کر لیتا ہے جس کے لئے شروع سے ہی دلچسپی کا ہونا ضروری ہے۔ ورنہ آگے کامیابی ملنا مشکل ہے۔پلاٹ کے تیسرے مرحلے ''عروج'' میں کہانی میں اُلجھاؤ پیدا ہوجاتا ہے۔پچھلے مرحلے میں جس تصادم نے جنم لیا تھا وہ یہاں بتدریج ترقی پذیر ہوتا ہے۔اس کی شدّت اور زور میں اضافہ ہوجاتا ہے اور عملی انتہا کی طرف چلتا ہے۔ پر ابھی نتیجہ یا انجام غیر یقینی ہوتا ہے۔

پچھلے مرحلے میں انتخابِ واقعات کی بات تھی پر یہاں انہی واقعات کی ترتیب کا مسئلہ ہوتا ہے۔ مغربی ڈرامے میں اس کو (Unity of action) کہتے ہیں۔ واقعات کی ترتیب کے بارے میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس سے عمل کا فطری ارتقاء بتدریج آگے بڑھے۔عمل کے عروج میں وہ متصادم عناصر ظاہر کئے جائیں جو انتہا کے وقت آنے والے ہیں اور انجام کی تشکیل میں جن کا نمایاں حصہ ہو۔

پلاٹ کا چوتھا مرحلہ ''نقطۂ عروج'' ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ کہانی کا تصادم خلافِ توقع انتہا کو پہنچ جائے۔جس سے ذہنی اور جذباتی تصادم درہم برہم ہوجائے۔جیسا کہ متصادم قوتوں کی کشمکش عروج پر آجائے اور ایسی حیثیت اختیار کرلے کہ ان میں سے ایک کی کامیابی یقینی ہوجائے اور یہاں کہانی کا انجام نظر آنے لگتا ہے۔نقطۂ عروج پر پہنچ کر

پلاٹ انجام کی طرف بڑھتا ہے پر یہاں یہ اندازہ نہیں ہوتا کہ انجام کیا ہوگا۔ یہاں پہنچ کر یہ مسئلہ پیدا ہوتا ہے کہ اب دلچسپی کسی طرح قائم رکھی جائے۔ یہاں پر کچھ واقعات داخل کر کے انجام میں دیر کی جاتی ہے۔ یہ نئے لائے ہوئے واقعات عمل کے زوال میں تھوڑی سی روکاٹ پیدا کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے حالات میں غیر یقینیت اور تشویش کے باعث دلچسپی برقرار رکھی جاتی ہے۔

پلاٹ کا آخری پہلو انجام ہوتا ہے۔ اس مرحلے پر ڈرامائی تصادم کے ایسے پہلو سامنے آتے ہیں جس سے تکمیل کا احساس ہوتا ہے۔ انجام المیہ ہو یا طربیہ اس میں اسباب وعلل اور منطقی اصول کو عموماً نظر انداز نہیں کیا جاسکتا تا کہ انجام گزرے ہوئے واقعات اور حالات کا فطری نتیجہ ہی ہو۔

کردار:-لفظِ کردار عام طور پر دو معنوں میں برتا گیا ہے۔ ایک تو یہ کہ اس سے اشخاص کی اچھائی اور برائی کا احاطہ کیا جاتا ہے کہ یہ اچھے کردار کا آدمی ہے اور یہ بُرے کردار کا۔ اسی طرح قوموں کے کردار کی بھی بات کی جاتی ہے۔ لیکن، ای، ایچ، فارسٹر اس کے دوسرے معنی لیتا ہے۔ وہ ناول کے سلسلے میں لکھتا ہے کہ ''ناول نگار بڑی تعداد میں پیکر تراشی کرتا ہے۔ ان کو نام اور جنس کے ساتھ موسوم کرتا ہے۔ ان کے لئے فہم والی حرکات اور اشاروں کا تعیّن کرتا ہے۔ ان کے لئے واوین کے درمیان کلمات ادا کرتا ہے۔ یہ لفظی صورتیں ہی اس کے کردار ہوتے ہیں۔

ڈرامے میں کردار تخلیق کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ کسی کو داڑھی لگا دی اور کسی کو مونچھیں۔ کوئی دولت مند عورت کے لباس میں ہے اور کوئی نوکروں کے کپڑوں میں۔ اصل

چیز تو کرداروں کی نفسیات ہے۔ میک اپ اور پوشاک نفسیات کے اظہار کے لئے ہوتے ہیں۔اس لئے ہر کردار میں اس کی فطرت کے لحاظ سے نفسیات کا اظہار ہونا چاہیے۔ کسی فن پارے کے ایسے کردار جن کی باتیں، کام، ہلنا، ڈھلنا اور جذباتی حالات کے اعتبار سے اظہار میں زندگی کی فطری عکاسی نظر آتی ہو۔ یا جن میں ایسی ہمہ گیریت ہو جو زمانہ اور وقت گزرنے کے باوجود انھیں زندہ رکھ سکے۔ معیاری کردار کہلائے جاسکتے ہیں۔ ان کی انفرادیت کے باوجود ایک ایسی عمومیت ہوتی ہے کہ وہ اپنے سماج کے کسی طبقے کی روایات اور نظریات کے ترجمان بن جاتے ہیں۔ان کا مزاج اپنے عہد اور معاشرے کے ساتھ ہم آہنگ ہوتا ہے۔

کسی بھی فن پارے کے لئے ارتقائی کردار ہی مستحسن ہوتے ہیں۔ زمانے کے تغیرّ ماحول کی تبدیلی، کسی واقعے یا حادثے یا انقلاب کے ساتھ متاثّر اور متبدّل کردار ارتقائی کردار ہیں، جو شروع سے آخر تک ایک ہی پلیٹ فارم پر کھڑے ہیں جن میں کسی قسم کا اثر قبول کرنے اور تغیرّ اور تبدیلی کی کوئی صلاحیت نہ ہو وہ جامہ ہیں۔

کردار نگاری کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ کرداروں کی زبان سے ایسی بات چیت پیش کی جائے جو ان کی فطرت ماحول اور معاشرت کے مطابق ہو جو شخص جس طبقے یا سماج کے ساتھ تعلق رکھتا ہو اس کی زبان بھی اسی کے مطابق ہو۔ مختلف طبقوں اور گروہوں کے لوگوں کی بات چیت سے ان کا طبقاتی فرق بھی ظاہر ہو۔ کردار، موقع محل کی مناسبت اور موزونیت کے ساتھ اپنے مرتبے اور ماحول کے مطابق بات کریں تا کہ اسلوب حقیقت کے نزدیک ہو جائے۔

کرداروں کا تعارف نفسیات، جذبات وغیرہ بات چیت یا واقعات سے ظاہر ہو نہ کہ مصنّف ان کا تعارف کراتا ہوا نظر آئے۔ ڈرامے میں تعارف اس ڈھنگ کے ساتھ ہو کہ ایک جھلک میں کرداروں کی نفسیات اور مزاج کا اندازہ ہو جائے۔ جیسے وِلن کے لئے کسی کمرے میں محفل جمی ہوئی ہو کچھ لوگوں میں ایک شخص کسی بلند جگہ پر بیٹھا ہوا ہو کچھ فریاد کرتے ہوئے اس کے سامنے کھڑے ہوں۔ ایک بدشکل اس کے کان میں آ کر کچھ کہے اور اس کے ماتھے پر بل پڑ جائیں، یہاں وِلن کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا لیکن تعارف ہو گیا۔

مکالمہ:- جو کچھ کہا جاتا ہے (بیان کیا جاتا ہے)، مکالمے میں سب شامل ہے۔ چاہے وہ مثبت عمل ہو چاہے منفی یا محض رائے کا اظہار کرے۔ اسٹیج ڈرامے میں حرکت وعمل اور اعضاء کی حرکت اور جسموں کی موجودگی کے مقابلے میں مکالمے کی ثانوی حیثیت ہوتی ہے۔ ڈراما جیسے اسٹیج پر دکھایا جاتا ہے۔ اس کے لئے چیزوں اور کرداروں کو پیش کرنا کافی ہوتا ہے۔ ان کو بیان نہ بھی کیا جائے تب بھی صورتِ حال سامنے ہوتی ہے۔ یعنی اسٹیج ڈرامے میں کئی بے لکھے مکالمے جو زبان نہیں بلکہ جسم کی حرکت سے بیان کئے جاتے ہیں۔ اس بات سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ڈرامے کی زیادتی مناسب نہیں کیونکہ ڈرامے میں ''کیا کہا''۔ کی بہ نسبت ''کیا کیا'' اہم ہوتا ہے۔ مکالمے حرکت اور عمل کو قوت بخشتے اور قصے کو آگے لے جانے کے لئے ہوتے ہیں۔ جس طرح ڈرامے کا وقت محدود ہوتا ہے اس کے لئے Economy of wood ضروری ہے، اس میں لفظوں کا انتخاب اس طرح کرنا چاہیے، جیسے ٹیلی گرام میں کیا جاتا ہے۔ اگر ایک جملے سے بات بن جاتی ہے تو کبھی

بھی دوسرا جملہ نہیں لکھنا چاہیے۔خواہ وہ کتنا ہی خوبصورت کیوں نہ ہو۔ڈرامے کا خوبصورت جملہ وہ ہے جس کی ضرورت ہو، وہ نہیں جس میں خوبصورت الفاظ ہوں۔

مکالموں کا موقع اور محل کے ساتھ مناسبت رکھنا بھی ضروری ہے۔ اس کو ان کرداروں کی ذہنی سطح اور معاشرت کے مطابق ہونا چاہیے۔ڈراما نگار کا یہ بھی فرض ہے کہ وہ ہر کردار کو اس کی بات چیت اور لہجہ کی مدد سے سامنے لائے۔ ہر دو انسانوں میں جو فرق ہوتا ہے وہی فرق ان کے مکالموں میں بھی ہو۔

فنّی لحاظ سے طویل مکالمے ڈرامے کے لئے مضر ہوتے ہیں کبھی ان مکالموں سے فرار ممکن نہیں۔ ایسی صورت میں دوسرے کرداروں کے چھوٹے چھوٹے مکالمے لا کر ان کے ٹکرے کر دینے چاہئیں۔

زبان:-ڈراما کرداروں کے عمل اور گفتگو کے ذریعے وجود میں آتا ہے۔تو بات چیت کسی نہ کسی زبان میں ہوتی ہے۔ یہاں زبان کا مسئلہ اہم ہوتا ہے، ڈرامے میں عام فہم، سادہ اور روزمرّہ بول چال کی زبان ہو۔ کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ڈراما فنونِ لطیفہ میں سے ہے۔اس میں ادبی زبان کا استعمال ہو۔ کبھی تو ڈرامے کی زبان کا انحصار ڈرامے کے موضوع پر بھی ہوتا ہے، جیسے ڈراما تاریخی یا نیم تاریخی یا عام سے سماجی کسی مسئلے پر ہے یہاں موضوع کی وجہ سے بھی زبان میں فرق آجائے گا۔ارسطو ڈرامے کے اجزائے ترکیبی میں پانچواں درجہ موسیقی کو دیتا ہے۔اور چھٹا درجہ آرائش کو۔

پہاڑی زبان میں لکھے گئے ڈرامے اپنی ایک مخصوص پہچان رکھتے ہیں۔اس کے باوجود تمام تر اصول اور تراکیب کے عین مطابق جس طرح پہاڑی ڈرامے کے پلاٹ،

کردار، مکالمے یا زبان سب کچھ اپنا ہے۔ان میں پہاڑی تہذیب کی عکاّسی اور پہاڑی سماج کے مسئلے پیش کیۓ گئے ہیں۔ پہاڑی زبان کے ڈرامے نے اپنا لوہا منوایا ہے۔جموں وکشمیر کے علاوہ ملک اور ملک سے باہر بھی اپنی ایک پہچان پیدا کی ہے۔ پہاڑی ڈرامے کی ابتداء اگر چہ کسی تحریک یا احتجاج کے انداز میں ہوئی۔ پر اس کے باوجود یہ اپنے اسلوب و انداز میں کامیابی کی منزلیں طے کرتا گیا کیونکہ عام لوگوں نے ان ڈراموں کو دیکھا، سمجھا، پسند کیا، دلچسپی دکھائی اور بار بار دیکھنے کا شوق ظاہر کیا۔اس کے نتیجے میں چند لوگوں سے ایک عظیم کاروان بن گیا یہ ڈراما نگاری ہی کی برکت تھی کہ پوری پہاڑی قوم ایک پرچم تلے جمع ہوگئی۔ ڈرامے کی سب سے بڑی کامیابی اور اہم خصوصیت یہ ہے کہ ڈراما فنی نزاکتوں کے باوجود کامیاب تب ہوتا ہے جس وقت اس کے تماشائی دیکھ کر اس کی داد دیں۔شائقین کی داد و تحسین کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ ڈراما دیکھنے والوں کو سمجھ آ گیا اور اس کا مقصد پورا ہو گیا ۔کیونکہ ڈراما لکھنے پڑھنے سے زیادہ ناظرین کی داد کا محتاج ہوتا ہے۔

ڈراما اپنے تماشائی کو کتنا متاثّر کرتا ہے۔اس کا فیصلہ خود تماشائی ہی کر سکتا ہے۔ یعنی بار بار دیکھنے کی چاہت لیکن کچھ ڈرامے ایسا مستقل اثر چھوڑ دیتے ہیں جو تماشائی کے ذہن کو ہمیشہ کے لئے اپنی خوبصورت منظر نگاری کی آماجگاہ بنا لیتے ہیں۔

پہاڑی زبان کی ڈراما نگاری اگر چہ وافر مقدار میں ابھی تخلیق نہیں ہوئی لیکن زبان کی تالیف وتصنیف کی جدید تاریخ کے حساب سے کافی مقدار میں ہے۔ہمیں ابھی تک پہاڑی ڈراما نگاری میں جس چیز کی کمی بڑی شدّت سے محسوس ہو رہی ہے وہ ہے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال۔ کیونکہ پہاڑی ڈراما نگاری کے لئے ابھی مخصوص الیکٹرانک میڈیا مہیّا

نہیں ہے ماسوائے چند ایک چینلوں کے جو ہمارے یہاں بھی نہیں بلکہ ملک سے باہر ہیں، اس کے لئے سرکاری سرپرستی کے ساتھ پہاڑی قبیلہ کے صاحبِ ثروت حضرات کو آگے آنا ہوگا تا کہ پہاڑی زبان، ثقافت، تہذیب وادب کو پروان چڑھایا جا سکے۔ مختصر یہ کہ پہاڑی زبان کے ادب کو وہ مواقع میسر نہیں ہیں جو دیگر زبانوں کو حاصل ہیں۔ مزید غفلت برتنے کا وقت نہیں ہے کیونکہ دنیا کا نظام جدید سے جدید تر ہوتا جا رہا ہے مگر پہاڑی رائٹروں کے پاس کلچرل اکیڈیمی کے پہاڑی شعبہ اور چند ایک کلچرل کلبوں کے سوا کچھ اور نہیں۔ المیّہ یہ ہے کہ ابھی تک جموں وکشمیر میں کوئی پہاڑی ٹی وی چینل مستقل وجود میں نہیں آسکا ہے۔ اس کے لئے پوری پہاڑی برادری کو سر جوڑ کر سوچنا ہوگا کہ آئندہ کا لائحہ عمل کیا ہو۔

☆☆☆

ترجمہ کار: مفتی شفیق الرحمٰن خان قاسمی

ملک حیدر چاڈورہ

(چوتھی قسط)

راجہ ''بکھا جر بن ہرش'' پوری شان وشوکت کے ساتھ حکومت کے تخت پر بیٹھ گیا، اگر چہ اس نے اپنی حکومت کے ابتدائی دنوں میں لوگوں کے ساتھ معقول سلوک کیا مگر چونکہ وہ نیک طبیعت کا مالک نہیں تھا، لہٰذا آخر کار وہ کمینے قسم کے لوگوں کے ساتھ اُٹھنے بیٹھنے لگ گیا جس کا نتیجہ تباہی اور بُرے انجام کے سوا اور کچھ نہیں ہوتا چنانچہ بُرے لوگوں کی صحبت اختیار کرنے کی وجہ سے وہ بُرے بُرے کاموں میں مُبتلا ہو گیا اور اس نے بُری بُری حرکتیں کیں جو ذمہ دار لوگوں کی بد دلی اور ناراضگی کا سبب بنیں۔

از مرگ بدتر صحبتِ نا اہل بود

ترجمہ: یعنی نالائق لوگوں کی صحبت موت سے بھی بدتر ہے۔

اس کی بُری حرکتوں میں سے ایک یہ بھی تھی کہ اس نے مسیٹ نامی سردار کی خوبصورت بیوی سے تعلقات جوڑ لئے تھے۔ مسیٹ کو اس نے ایک زبردست لشکر دے کر سوسل کا خاتمہ کرنے کے لئے لوہر کوٹ کی طرف روانہ کر دیا اور اس کی غیر حاضری کے دوران اس نے اس کے حرم میں دست درازی کی اس خبر کو سُن کر مسیٹ نے راجہ سوسل کے

ساتھ اتفاق کر کے بکھا جر کے خلاف اقدام کیا۔ جنگ وجدل کی وجہ سے حکومت میں خلل آ گیا اور قوم کے سردار سوسل کے بیٹے جے سنگھ کو اس کی کم عمری کے باوجود حکمران بنانے پر متفق ہو گئے اور ان دونوں (بکھا جر اور راجہ سوسل) کو بیچ میں سے ہٹا کر جے سنگھ کو تختِ حکومت پر بٹھا دیا اور راجہ سوسل بھاگنے کے دوران ہیر پور میں مارا گیا اور بکھا جر دوبارہ ''کشتواڑ'' کے پہاڑی علاقے کی طرف بھاگ گیا اور بانہال کے قلعے میں قلعہ بند ہو گیا۔ جے سنگھ جب بالغ ہو گیا تو اس نے ایک زبردست فوج کے ہمراہ بکھا جر کو سبق سکھانے کے لئے قدم اُٹھایا اور خود بجبہاڑہ کے قلعے میں بیٹھ کر اودے چند کو کمانڈر بنا کر اس (بکھا جر) کی سرکوبی کرنے کے لئے روانہ کیا۔ اگرچہ بکھا جر نے زبردست جنگ کی مگر چونکہ خوش نصیبی اس سے مُنہ موڑ چکی تھی لہٰذا اُسے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوا چنانچہ اس جنگ میں اس کو ایک تیر لگا جس کے زخم کی وجہ سے وہ اس دنیا سے رُخصت ہو گیا۔ اس کے بعد حکومت و بادشاہت میں جے سنگھ کا کوئی شریک باقی نہیں رہا۔ اس نے عدل وانصاف کا طریقہ اپنایا۔ اس کے دور میں علماء ودانشوروں کو پورا عروج ملا اور اہلِ علم وفضل کی قدر و قیمت بڑھ گئی ۔چنانچہ کلہن نام کے ایک عالم نے اس کے دور میں بہت سی کتابیں تصنیف کیں، ان میں سے ایک راجگانِ کشمیر کی تاریخ ہے جو اس نے ہندی (سنسکرت) زبان میں لکھی اور اس کا نام ''راج ترنگنی'' رکھا۔

اس کے بعد ''زیہ سہم دیویہ'' جس کو راجہ جے سنگھ بھی کہتے ہیں تختِ سلطنت پر بیٹھا اور اس کے دورِ حکومت میں ''مل چندر'' نے چند ایسی خدمات انجام دیں جو تاریخ کے اوراق میں ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گئیں۔ اور اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ جب زیہ سہم

دیو کی قسمت کا روشن ستارہ وبال کی پستی سے نکل کر عزّت وجلال کی بلندی پر پہنچا تو اس نے تمام ملکی اور مالی اہم امور مل چندر کو سونپ دیئے۔مل چندر بھی اس بات کا منتظر تھا کہ بتقاضائے ''هَـلْ جَـزُ ءِ الْاَ حْسَان اِلّا الا حْسَانُ ''(احسان کا بدلہ احسان سے ہونا چاہیے)وہ وقت کب آئے گا جب وہ بادشاہ کی اس عنایت و اِکرام کے بدلے کوئی قابلِ قدر خدمت انجام دے سکے گا۔ چنانچہ اچانک کابل کے گردونواح سے ترکوں کے لشکر کے کشمیر پر چڑھائی کرنے کی خبر مشہور ہوگئی۔اور مل چندر کی دانائی اور بہادری کے امتحان کا وقت آ پہنچا۔ چنانچہ یہ نہایت ہی اہم کام مل چندر کو تحریراً سونپ دیا گیا۔اس نے لشکر کے ساز وسامان کا اس طرح انتظام کیا کہ اس سے پہلے کسی بھی بادشاہ کے زمانے میں اس کی کوئی مثال نہیں پائی جاتی تھی۔ چنانچہ زیہ سہم دیو نے ترکوں کو کشمیر سے دور رکھنے کے لئے پرچمِ عزیمت بلند کیا اور نیلاب کے کنارے دونوں جماعتوں کا آپس میں آمنا سامنا ہوا۔راجہ زیہ سہم دیو چاہتا تھا کہ وہ دشمن کی قوّت وطاقت ان کے طور طریقوں اور حالات سے پوری طرح سے واقف ہوجائے۔اس کام کو راجہ کی مرضی کے مطابق مل چندر کے علاوہ کوئی اور شخص انجام نہیں دے سکتا تھا۔لہٰذ راجہ نے تقریب میں مل چندر کے سامنے اس رائے کا اظہار کردیا کہ کوئی ایسا شخص چاہیے جو دشمن کے حالات دریافت کرنے کے لئے جائے اوران کے حالات ٹھیک طرح سے معلوم کر کے آئے۔مل چندر چونکہ بڑا اجرّی، بڑا بہادراورانتہائی درجے کا ہوشیار شخص تھا۔لہٰذا وہ راجہ کی مراد کو سمجھ گیا اور کمر بستہ ہوکر اس مہم پر نکل پڑا۔چنانچہ اس نے رات کے وقت دشمن کے خیموں میں داخل ہوکر ان کے حالات معلوم کئے اور فوج کے کمانڈر کے خیمہ میں پہنچ کر اس کو ایک خط لکھا کہ میں راجہ کا ایک ادنیٰ

نوکر ہوں اور فلاں وقت میں نے تمہارے پاس پہنچ کر یہ چاہا کہ تمہارا کام تمام کر ڈالوں۔ مگر یہ بات بہادری اور انسانیت کے خلاف ہوتی ہے کہ نیند کی حالت میں جو کہ نصف موت ہوتی ہے دشمن کا کام تمام کر دیا جائے اور اپنے آپ کو اس طرح چوروں جیسا بنایا جائے۔لہٰذا میں نے تجھے قتل نہیں کیا۔حالانکہ ایسے سخت حالات میں تمہیں تیار رہنا چاہیے تھا اور کھانے پینے اور سونے کو اپنے اوپر حرام کر لینا چاہئے تھا مگر تم غافل ہو کر آرام کی نیند سو رہے ہو میں نے سوچا کہ ایسی حالت میں دشمن کی جان لینے کے لئے ہاتھ بڑھانا غدّاری ہے۔لہٰذا میں نے تمہیں چھوڑ دیا۔اگر تمہیں سلامتی چاہیے تو اُٹھو اور راہِ فرار اختیار کرو ورنہ ہلاکت کے لئے تیار رہو۔صبح کے وقت جب وہ خط کے مضمون سے باخبر ہوا تو اس پر لرزہ طاری ہو گیا اور مجبوراً صلح کرنے پر راضی ہو کر اس نے واپسی کی راہ لی۔

روایت ہے کہ حسن بن صباح جس نے رودبار میں اپنا اڈّہ قائم کیا تھا اور اپنے بہت سے مریدین کو اکٹھا کر کے بغاوت شروع کر دی تھی خواجہ نظام ایک بڑا لشکر لے کر اس کے مقابلے کے لئے نکلا۔حسن بن صباح نے اپنے ایک مرید کو حکم دیا کہ وہ خواجہ نظام کے خیمے میں جائے اور اس کے دائیں بائیں چار خنجر زمین میں گاڑ دے۔حسن بن صباح نے صبح کے وقت خواجہ نظام کے پاس ایک قاصد کو بھیج کر اس سے کہا کہ اگر مجھے تمہارے ساتھ پرانی دوستی کا خیال نہ ہوتا تو ان خنجروں میں سے کسی ایک کے ذریعے تمہارا کام تمام ہو گیا ہوتا۔خواجہ نے اس بات کو معقول سمجھا اور وہاں سے واپس چلا گیا۔

جب زریہ سہم دیو نے خوش نصیبی سے واپس کشمیر کا رُخ کیا تو اس نے اللہ تعالیٰ کی اس عظیم نعمت کے شکرانے کے طور پر غریب پروری، رعیّت نوازی اور عدل و انصاف کی

روش اختیار کی۔

زبس اُفتادگان را دادا اُمید جہانرا عدلِ نوشیروان شدزیاد

ترجمہ: اس نے بہت سے گرے پڑے لوگوں کو اُمید دِلائی اور دنیا نوشیروان کا عدل و انصاف بھول گئی۔

چونکہ اس فتح کا ذریعہ بغیر کسی اختلاف کے مل چندر بنا تھا۔ لٰہذا زیہ سہم دیو نے مل چندر کو کشمیر میں دوگنی جاگیریں عطا کیں اور تبّت کے دونوں حصےّ اس کو انعام میں دے دیئے۔ مل چندر نے اپنے ٹھہرنے کے لئے ''ملہ گیر'' گاؤں میں ایک مضبوط قلعہ تعمیر کیا۔

راجہ زیہ سہم دیو کے دور میں ''جونی'' نام کے برہمن نے تاریخ شاہنامہ اس کے لئے تصنیف کی اور گرانقدر انعامات سے سرفراز ہوا۔ راجہ زیہ سہم 640ھ میں فوت ہوا اس نے بیس سال چھ ماہ تک حکومت کی۔

راجہ زیہ سہم دیو کا بیٹا پرمانو کم عمر تھا۔ ملک کے ذمہّ داران اور امراء نے مل چندر سے بادشاہت قبول کرنے کی درخواست کی اس نے بھی رضامندی ظاہر کردی تاکہ حکومت کی بنیاد میں کوئی خلل واقع نہ ہو مگر اس نے بادشاہت اس شرط پر قبول کی کہ جب پرمانو حکومت سنبھالنے کے قابل ہوجائے گا تو وہ حکومت اُسی کو سونپ دے گا۔

مل چندر نے حکومت اس طرح چلائی کہ اس کے بارے میں ہندوؤں کی تاریخ میں عجیب وغریب حکایات لکھی ہوئی ہیں۔ چنانچہ رائج کتب ''راج ترنگنی'' وغیرہ اس کے حالات سے بھری پڑی ہیں۔ اس نے دور دور کے علاقوں سے لے کر دکہن تک حکومت کی۔ چنانچہ اس نے مالوہ کو جو پہلے راجگان کی دست درازی سے ویران ہوگیا تھا پہلے کی

طرح آباد کیا اور جب وہ واپس کشمیر لوٹا تو راجہ پر مانو عقل وشعور کی عمر کو پہنچ گیا تھا لہٰذا اس نے ملک کے سرداروں کو جمع کر کے ان سے کہا کہ میں نے اب تک آپ لوگوں کی دلداری کی اور میں نے آپ لوگوں کی رائے اور صوابدید کے مطابق حکومت کی مگر اب مصلحت اسی میں ہے کہ چونکہ ملک کا وارث عقل وشعور کو پہنچ چکا ہے۔ لہٰذا ہم ملک اسی کے حوالہ کردیں اور نمک حرامی کر کے ہم اپنے آپ کو بدنام نہ کریں۔ اگرچہ اس وقت راجہ مل چندر کے پاس اتنی قوّت وطاقت تھی کہ کوئی شخص اس سے زبردستی حکومت نہیں چھین سکتا تھا۔ لیکن اس نے پرانے احسان کے حق کو ادا کرنے کے لئے راجہ پری مانو کو بادشاہت سونپ دی۔ حکایت ہے کہ قبیلۂ بنو صحر سے تعلّق رکھنے والا لیث نامی ایک عربی چور سیستان کے حکمران کے خزانے میں پہنچنے میں کامیاب ہوگیا۔ وہ جس قدر موتی وجواہرات اُٹھا سکتا تھا اس نے اُٹھا لئے۔ خزانے سے باہر نکلتے وقت اس کی نگاہ ایک ایسی چیز پر پڑی جو عمدہ اور نفیس موتی کے مشابہ تھی۔ یہ سوچ کر کہ یہ ایک قیمتی موتی ہے اس نے اس کو اپنے مُنہ میں ڈال لیا۔ جب اسے یہ پتہ چلا کہ یہ تو نمک کا ایک ٹکرا ہے۔ تو اس نے حقِ نمک کی رعایت کرتے ہوئے سب کچھ وہیں چھوڑ دیا اور خالی واپس چلا گیا۔

جب راجہ پری مانو تختِ سلطنت پر براجمان ہوا تو مل چندر کی کوشش سے اس کے کام کو پوری پوری رونق حاصل ہوئی اور اس نے تلوار کے ذریعہ سرکشوں اور باغیوں کی بیخ کنی کی۔ چنانچہ اس کی حکومت دن بدن ترقی پذیر ہوتی گئی ؎

"مگر ناکس بتربیت نشود اے حکیم کس"

ترجمہ: اے حکیم ناکس یعنی نااہل تربیت سے انسان نہیں بنتا"

اس کہاوت کے مصداق راجہ پرمانو نے اپنی کم فہمی اور بے عقلی کی وجہ سے مل چندر کی حمایت اوراس کی خدمت گزاری کی قدر دانی نہیں کی اوراس کی رائے کے برخلاف ظلم و زیادتی شروع کردی اور ناانصافی اور سرکشی کو اپنا پیشہ بنالیا۔ وہ ہمیشہ مال جمع کرنے کی فکر میں لگا رہتا۔اوراس نے دوشریر قسم کے لوگوں کو اپنا ہم نشین بنالیا۔ جب انہیں راجہ کی کم عقلی کا پتہ چلا تو وہ اس تک دہشت ناک خبریں پہچانے لگ گئے اور اسے اللہ کی مخلوق کوستانے پر اکسانے لگ گئے۔مل چندر نے ناراض ہوکر اس کی حمایت سے ہاتھ کھینچ لئے اور اسی دوران مل چندر کی زندگی کا سورج غروب ہوگیا۔اس نے اپنے پیچھے مختلف اقسام کا اتنا مال و متاع چھوڑا کہ منشی اور حساب دان اس کا حساب لگانے سے عاجز ہوگئے۔اس نے اپنے پیچھے ایک لاکھ سات ہزار اشرفیاں نقد چھوڑیں اور چار سو من سونا چھوڑا۔ کچھ دنوں کے بعد راجہ پرنانو بھی مرگیا۔راجہ پرمانو نے نو سال چھ ماہ دس دن تک حکومت کی۔راجہ پرمانو ہمیشہ مال جمع کرنے کی فکر میں لگا رہتا تھا مگر اللہ تعالیٰ نے اس کے ظلم وزیادتی کی پاداش میں اس کو دنیاوی لذّتوں سے بہرہ مند ہونے سے محروم رکھا۔

راجہ پرمانو کے بعد اس کا بیٹا ''راجہ ورتی دیو'' تخت نشین ہوا اوراس کی حکومت آٹھ سال چھ ماہ تک رہی۔اس کے بعد اس کا بیٹا ''راجہ اوپیہ'' حکمران بنا۔یہ انتہائی درجے کا احمق اور بیوقوف تھا۔اس کے بارے میں مشہور ہے کہ ایک روز یہ دریا کی سیر کے لئے گیا ہوا تھا اس نے وہاں پانی میں اپنی شکل دیکھی اور ہنسنے لگ گیا۔پانی میں موجود اس کی شکل بھی اس کے سامنے ہنسنے لگ گئی۔اس نے ناراض ہوکر اپنی شکل کو ایک طمانچہ رسید کیا جس کی وجہ سے اس کی انگوٹھی انگلی سے نکل کر پانی میں گرگئی۔ جب وہ گھر واپس لوٹا تو اس نے کہا کہ

میری انگوٹھی فلاں جگہ پانی میں گر گئی ہے اور میں نے وہاں پانی پر لکیر کھینچی ہے۔اس علامت سے اس جگہ کی شناخت کرواور انگوٹھی لے آؤ۔اس کے باوجود اس نے نو سال چار ماہ تک حکومت کی۔

اس کے بعد اس کے بھائی ''راجہ رسہ دیو'' سے اگر چہ عمائدینِ ملک خوش نہ تھے مگر لون قبیلہ کے لوگ جو بہت بڑی تعداد میں تھے اُنہوں نے اس کو اصرار کر کے تختِ حکومت پر بٹھادیا۔اس کے دورِ حکومت میں برہمنوں میں سے دو بھائی جن کا شیوہ صدقات وخیرات وصول کرنا ہوتا ہے ملکی معاملات میں پوری طرح سے دخل انداز ہو گئے اور ان کا تسلّط اس حد تک پہنچ گیا کہ وہ راجہ کے حکم کو کوئی بھی وقعت نہیں دیتے تھے اور اس کی کسی بھی بات کو کوئی بھی حیثیت نہیں دیتے تھے وہ اپنی ہی طرف سے احکام صادر کرتے اور اُنہوں نے ایسے ایسے بُرے کام کئے جن کی وجہ سے رعایا اور مخلوق کے دل ان کی نفرت سے بھر گئے ۔آخر کار تمام لوگوں نے یک جٹ ہو کر ان دو بھکاری برہمنوں کی بیخ کنی کر کے راجہ کو مکمّل طور پر خود مختار بنادیا اور اس نے اٹھارہ سال تیرہ دن تک حکومت کی۔

اس کے بعد اس کا چچیرا بھائی راجہ جگد یو تخت نشین ہوا۔اس نے پہلے سلاطین کے زمانے سے چلے آرہے مظالم پر روک لگائی اور اس نے کراہل نام کے شخص کو اپنا وزیر بنایا۔کراہل بڑا عقلمند اور ہوشیار تھا۔راجہ جگد یو نے اپنے اس وزیر کی حمایت ومدد سے اپنی رعایا کی فلاح و بہبود کے لئے خوب کام کیا۔راجہ جگد یو کے قریبی لوگوں میں سے پدم نام کا ایک شخص تھا۔اس نے نمک حرامی کرتے ہوئے راجہ کو زہر دے کر مار ڈالا۔راجہ جگد یو نے چودہ سال تین ماہ تین دن تک حکومت کی۔

اس کے بعد اس کا چچا زاد بھائی راز ہ دیو تخت نشین ہوا۔ بعض سابق حکمرانوں کی نرمی کی وجہ سے چونکہ حکومت پر حکمرانوں کی گرفت کمزور ہوگئی تھی راجہ راز ہ دیو نے مل چندر کے بیٹے کہکہ چندر کی مدد سے کشمیر کے اطراف تبّت، پکھلی اور بھمبر پر قبضہ کر کے ان پر اپنی گرفت مضبوط کی۔ کہکہ چندر نے لار پرگنہ کے گگنہ گیر مقام پر ایک قلعہ بنایا تھا جو تا حال اپنی اصل حالت میں موجود ہے اور اس کی ایک اینٹ بھی اس سے جدا نہیں ہوئی ہے۔ لون قبیلہ جس کے لوگ ادب کے راستے سے بھٹک گئے تھے راجہ راز ہ دیو نے ان کو خوب سبق سکھایا یہاں تک کہ وہ پوری طرح سے مطیع و فرمانبردار بن گئے۔ کہکہ چندر نے گگنہ گیر قلعے میں ہی وفات پائی۔

راجہ راز ہ دیو نے کہکہ چندر کے بیٹے بلاد چندر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی اور اس نے خلافِ توقعات اس کو تکالیف پہنچائیں۔ لہٰذا بلاد چندر جو کہ بہت ساز و سامان والا تھا انتقام کے جذبے سے قلعے سے باہر آیا اور اس نے ایک بہت بڑا لشکر تیار کیا، چونکہ ملک کے سرکردہ لوگوں نے راجہ کی طرف سے بے توجہی دیکھی تھی۔ لہٰذا اُنہوں نے بلاد چندر کا ساتھ دیتے ہوئے راجہ راز ہ دیو کو معزول کر کے بلاد چندر کو تختِ حکومت پر بٹھا دیا۔ اس کے عہدِ حکومت میں جملا نامی ایک نجومی دکہن سے یہاں آیا تھا جو بڑا دانا تھا اس نے ''اماس بچار'' کے نام سے ایک کتاب لکھی جس میں عجیب و غریب علوم تھے اور اس نے جمال نگری کے نام سے آدون پرگنہ میں ایک بستی آباد کی۔ راجہ بلاد چندر نے تیئس سال تین ماہ ستائیس دن تک حکومت کی۔ راجہ بلاد چندر کا گھر بلدی مرمحلّہ میں تھا جو آج بھی اسی نام سے مشہور ہے۔

اس کے بعد راجہ رازہ دیو کا بیٹا راجہ سنگرام تخت نشین ہوا۔ اس نے بہت بڑا لشکر تیار کیا۔ گذشتہ راجگان میں سے کسی کے پاس بھی اتنی بڑی جماعت اور اتنا بڑا لشکر نہیں تھا۔ راجہ سنگرام دیو نے نہایت درجے کی شفقت سے اپنے بھائی سورج کو اپنا جانشین بنایا تھا اور مال وحکومت کو اس کے قبضے میں دے دیا۔ جب سورج طاقتور بن گیا تو اس نے اپنی فوج بنا کر اپنے بھائی راجہ رازہ دیو سے بادشاہت وحکومت کو زبردستی چھیننا چاہا اور سنگرام چندر ولد بلاد چندر کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے راجہ تیلک سے کمک طلب کی، راجہ تیلک چند بعض شمالی علاقوں پر حکومت کرتا تھا۔ اُنہوں نے متفقہ طور پر راجہ سنگرام دیو کے خلاف چڑھائی کر دی مگر ان کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ راجہ سنگرام دیو نے پہلے راجہ تیلک چند کے زیرِ اقتدار علاقوں کو تہس نہس کیا اور اس کے بعد سورج کو تلاش کرنے لگ گیا اور اس کو گرفتار کر کے قتل کر ڈالا مگر سورج کو قتل کرنے کے غم سے راجہ سنگرام بیمار ہو گیا۔ جب کہ سنگرام چندر نے ملک میں بڑے بڑے فتنے برپا کر دیئے اور راجہ سنگرام دیو اس کے مقابلہ کی تاب نہ لاتے ہوئے کشمیر سے باہر چلا گیا اور راجور کے زمیندار سے جو اس کا حمایتی تھا کمک طلب کر کے سنگرام چندر پر حملہ کر دیا۔ ڈانگر قوم کے لوگ جو چور اور ڈاکو تھے راجہ سنگرام دیو کی غیر حاضری کے زمانے میں اُنہوں نے ملک میں طرح طرح سے تباہی و بربادی کا بازار گرم کیا۔ راجہ سنگرام دیو جب کشمیر واپس چلا آیا تو اس نے سنگرام چندر کے ساتھ صلح وصفائی کا راستہ اختیار کیا اور قادر ہونے کے باوجود دشمنوں کو قتل نہیں کیا بلکہ سب کے ساتھ نوازش اور مہربانی کا سلوک کیا۔ سنگرام دیو نے قصبہ بجبہاڑہ میں سنگرام محلّہ اور چندرہ یار کو آباد کیا راجہ سنگرام دیو نے سولہ سال تک حکومت کی۔

اس کے بعد اس کا بیٹا رام دیو تخت نشین ہوا اس نے پرتھی راج کو مطلق العنان اور خود مختار بنا دیا۔ اس نے سُلر کے مقام پر لیدر نالہ کے کنارے ایک قلعہ بنایا جو تا حال اس کے نام سے مشہور ہے۔ اور چونکہ راجہ رام دیو کا کوئی لڑکا نہیں تھا، لہٰذا اس نے ایک برہمن لڑکے پچھمن دیودر کی تربیت کی اور اس کو اپنا ولی عہد بنا دیا، راجہ رام دیو نے اکیس سال بارہ دن تک حکومت کی۔

راجہ رام دیو کے بعد پچھمن دیودر برہمن اس کا جانشین بنا یہ برہمن زادہ حکومت کے کام اچھی طرح سے نہیں چلا سکا۔ اس کے دور میں کچل نام کا ایک شخص کشمیر آیا وہ جادوگری اور طلسمات میں مہارت رکھتا تھا اس نے شعبدہ بازی اور جادوگری کے زور سے برہمن زادے سے حکومت چھین لی اور تیرہ سال تک کشمیر پر حکومت کی اس دوران اس نے طرح طرح کے مظالم کی بنیاد ڈالی۔ ملک کے سربراہان رام چندر بن سنگرام چندر کے پاس گئے اور اس کے ظلم کے بارے میں اس کو آگاہ کیا اور اس کے ساتھ اتفاق واتحاد کر کے کچل جادوگر کے خلاف چڑھائی کر دی اور اس کو مغلوب کر دیا اور سہم دیو کو تختِ حکومت پر بٹھا دیا اس نے شنکر اچارج کو جو وقت کے داناؤں کا سربراہ تھا ملکی امور اور مالیات کی ذمہّ داری سونپ دی اور جب شنکر اچارج نے اپنا عہدہ سنبھالا تو اس نے گذشتہ بادشاہوں کی ایک ایسی رسم کو ختم کر دیا جو ہمیشہ سے چلی آ رہی تھی اور وہ رسم یہ تھی کہ اگر کوئی عورت زنا و بدکاری کی مرتکب ہو جاتی تو حکمران زانیہ عورت کے باپ کو سزا دیتے اور اس سے جرمانہ لیتے۔ راجہ سہم دیو کے دور میں عطا قلی نام کی ایک گلوکارہ ہندوستان سے کشمیر آئی جو گانے بجانے میں بے مثال تھی اس کو راجہ کی طرف سے بڑے قیمتی انعامات ملے۔ حکومت کے آخری ایاّم میں

جب دولت اس کو پیٹھ دکھا گئی تو اس کا مزاج بگڑ گیا اور اس سے بُرے بُرے کام صادر ہوئے جس کی بنا پر سربراہانِ ملک اس سے ناراض ہو گئے اور اُنہوں نے دُرنام کے ایک شخص کو اس کے قتل کرنے پر اُبھار چنانچہ اس نے راجہ کو قتل کر دیا۔ راجہ سہم دیو نے چودہ سال تک حکومت کی۔

راجہ سہم دیو کے بعد اس کا بیٹا راجہ سیہہ دیو تختِ حکومت پر بیٹھا اور اس نے انیس سال تک حکومت کی۔ اس کے دور میں شاہ میرزا ولد شاہ طاہر ولد فور شاہ سواد کُنر سے کشمیر آیا۔ اس کے آنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس کے دادا فور شاہ نے اپنے اس پوتے شاہ میرزا کو خوشخبری دے کر ملکِ کشمیر کی بادشاہت کا اُمیدوار بنایا تھا۔ فور شاہ صاحبِ کشف و کرامات، مشکلات کو حل کرنے والے اور راہِ حقیقت کے راہرو اور طریقت و مجاہداتِ ذوقیہ اور کشفی مشاہدات کے جاننے والے اور اسرارِ عالم سے واقف بزرگ تھے۔ اُنہوں نے کہا تھا کہ مجھے بذریعۂ الہام معلوم ہوا ہے کہ تم تائیدِ الٰہی اور خوش قسمتی سے ملکِ کشمیر کی بادشاہت کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہو جاؤ گے اور شمس الدّین کا لقب پاؤ گے اور یہ بادشاہت و امارت پشت در پشت تمہاری اولاد میں رہے گی جب سیہہ دیو نے اس کے پہنچنے کی خبر سنی تو اس نے دارہ وِیر کا گاؤں اس کو جاگیر کے طور دے دیا اور لنکر چک چکوں کا دادا ریاست داروہ کی راجدھانی پرشال سے اپنے بھائی کے ساتھ حکومت کے بارے میں جھگڑا کر کے کشمیر آیا۔ علاوہ ازیں رینچو (رینچن شاہ) ولد بُغین جس کا باپ ریاستِ تبّت کا حکمران تھا اپنے چچا سے مغلوب ہو کر کشمیر آ گیا تھا اور اس نے رام چندر سے مدد طلب کی تھی۔ رام چندر نے اس کو لار پرگنہ کا گلکنہ گیر گاؤں جاگیر کے طور دے دیا تھا۔ سہہ دیو کے

عہدِ سلطنت میں ایک ایسا عجیب وغریب واقعہ اور ایک ایسا عجیب سانحہ پیش آیا کہ کتبِ تواریخ میں اس قسم کے واقعات وحوادث کا تذکرہ شاذ ونادر ہی ملتا ہے۔ اس واقعے کی تفصیل بیان کرنے سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ اگر چہ اس واقعے کے پیش آنے سے پہلے اہلِ کشمیر نورِ اسلام سے ناآشنا تھے۔ مگر خیراتی کاموں کی انجام دہی اور صدقات کرنے میں وہ پیش پیش رہتے تھے۔ چنانچہ مشہور ہے کہ وہ بغیر مہمان کے کھانے کی طرف ہاتھ نہیں لے جاتے تھے اور چونکہ ہر روز مہمانوں کا حاضر ہونا دشوار تھا لہٰذا یہ طے پایا تھا کہ چنڈالوں کی جو عورتیں روزانہ چاشت سے پہلے ان کے گھر پہنچی ہوئی ہوں وہ پہلے ان کو کھانا دیا کریں پھر خود تناول کیا کریں۔ پھر جب یہاں کے باشندوں کی نیّت بدل گئی تو انہیں ہر روز لوگوں کو مفت کھانا دینا بھاری لگنے لگا۔ لہٰذا طے پایا کہ چنڈال بھی (اس کھانے کے عوض) کوئی خدمت کیا کریں۔ لہٰذا اُنہوں نے گھروں کی چوکیداری اور خاکروبی کا کام اس جماعت کو سونپ دیا۔

الغرض اس ملک کے باشندوں میں بڑی بداخلاقیاں اور بدکرداریاں پھیل گئیں اور گناہوں اور فسق و فجور کی دلدل میں بُری طرح سے پھنس گئے۔ اور چونکہ دنیا عالمِ مکافات (اعمال کے بدلے کی جگہ) ہے، لہٰذا زولچو نام کا ایک ترک ترکستان سے بارہمولہ کے راستے کشمیر میں داخل ہوا اور اس نے خونریزی، سفّاکیت اور لوٹ وغارت گری کا بازار گرم کر دیا یہاں تک کہ اس نے ظلم کی تند ہوا اور جور وستم کی تیز آندھی کے ذریعے یہاں کے اکثر باشندوں کی زندگیوں کے چراغ گل کر دیئے اور ہزاروں لوگوں کو فنا کی گھاٹ اُتار دیا اور سہہ دیو جو اس ملک کا حکمران تھا وہ مقابلہ کی تاب نہ لا سکا چنانچہ وہ کچھ لوگوں کے سمیت

